بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز جمعرات 30 دسمبر 2021ء 25 جمادی الاول 1443ھ | شمارہ 173 | قیمت 10

www.imroz.com.pk


# قومی اسمبلی اپوزیشن کا ترمیمی فنانس بل پیش کیے جانے پر حکومت کا بھرپور مقابلہ کرنیکا اعلان

منی بجٹ بل اور اسٹیٹ بینک بل آرہا ہے، ہم خودمختاری سرنڈر کرنے جارہے ہیں، ملک کی معاشی خودمختاری سرنڈر نہ کریں، خدا کیلئے منی بجٹ لائیں اور نہ ہی اسٹیٹ بینک بل لائیں، خواجہ آصف، راجہ پرویز اشرف

پاکستان مالی مشکلات سے دوچار ہے، پاکستان کی مالی مشکلات کے پیچھے کون سے عوامل ہیں ان عوامل کو دیکھنے اور سنجیدہ بات کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان کی معاشی خودمختاری کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن نے ترمیمی فنانس بل (منی بجٹ) پیش کیے جانے پر حکومت کا بھرپور مقابلہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ منی بجٹ بل اور اسٹیٹ بینک بل آرہا ہے، ہم خودمختاری سرنڈر کرنے جارہے ہیں، ملک کی معاشی خودمختاری سرنڈر نہ کریں، خدا کیلئے منی بجٹ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پاکستان میں جمہوری کلچر اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کی ضرورت ہے، احسن اقبال

ملکی معیشت دیوالیہ اور قرضوں کے عوض ملکی خودمختاری گروی رکھ دی گئی ہے، سیکرٹری جنرل (ن) لیگ

نارووال (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوری کلچر اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کی ضرورت ہے، ملکی معیشت دیوالیہ اور قرضوں کے عوض ملکی خودمختاری گروی رکھ دی گئی ہے۔ نارووال میں آل پنجاب میئر و ڈسٹرکٹ چیئرمین

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## میری حکومت چھوٹے صوبوں کو اوپر اٹھانے کے وژن پر عملدرآمد کررہی ہے، وزیراعظم

ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان کے ذمے کا مالی بوجھ وفاقی حکومت برداشت کریگی، عمران خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان پر مالی بوجھ نہ ڈالنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان کے ذمے کا مالی بوجھ وفاقی حکومت برداشت کریگی، یہ اعلان انہوں نے بدھ کی شب اپنے ایک ٹوئٹ میں کیا وزیراعظم عمران

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# لوگوں کو روزگار کا تحفظ لیبر ترجیح ہے، قدوس بزنجو

کسان کارڈ کا اجراء، کسانوں کی رجسٹریشن، زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے کسانوں کو مصدقہ بیجوں کی فراہمی اور زرعی شعبے میں ریسرچ سمیت دیگر اقدامات شامل ہیں

ہمارے صوبے کے لوگ زیادہ تر زراعت اور زرعی شعبے سے وابستہ ہیں اور ہماری حکومت کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کسان دوست اقدامات کے تسلسل کو جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت وزیراعظم کے خصوصی اینیشیٹیو برائے ایگریکلچرل ٹرانسفارمیشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے صوبے کے کسانوں کو کسان کارڈ کا اجراء اور کسانوں کی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی ملاقات کررہے ہیں

## دنیا میں بیانیہ کی جنگ جاری ہے، وزیرخارجہ

قومی سلامتی معیشت کے ساتھ وابستہ ہے، شاہ محمود قریشی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیرخارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ دنیا میں بیانیہ کی جنگ جاری ہے، قومی سلامتی معیشت کے ساتھ وابستہ ہے، حکومت اوورسیز پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، مشنز کے ذریعے فراہم کردہ قونصلر

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## سال 2021 کے دوران کئی نامور شخصیات عوام سے بچھڑ کر خالق حقیقی سے جاملے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سال 2021 کے دوران کئی سیاسی شخصیات اور دانشور عوام سے بچھڑ کر خالق حقیقی سے جاملے، تفصیلات

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# حکومت بلوچستان عوام کے مفاد کا ہر صورت تحفظ کریگی، میر ظہور بلیدی

صوبے کے وسائل اور عوامی مفاد کے سب سے بڑے معاملے پر ایک جامع اور متفقہ پالیسی بنانے کیلئے اس سے بہتر کیا طرز عمل ہوسکتا تھا؟ سینئر صوبائی وزیر

حکومت نے زمہ داری کا ثبوت دیا اور اسمبلی نمائندگی نہ رکھنے والی جماعتوں کے قائدین کو بھی مدعو کیا، وہ صرف اس لیے غیر حاضر رہے تا کہ سیاست چمکا سکیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر سینئر صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ ماضی کے برعکس موجودہ حکومت بلوچستان کے وسائل اور عوام کے مفاد کا ہر صورت تحفظ کریگی حکومت نے زمہ داری کا ثبوت دیا اور اسمبلی نمائندگی نہ رکھنے والی جماعتوں کے قائدین کو بھی مدعو کیا لیکن وہ صرف اس لیے غیر حاضر رہے تا کہ سیاست چمکا سکیں یہ بات انہوں نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہی میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ریکوڈک کے پیچیدہ مسئلے کی قانونی اور بین الاقوامی صورتحال پر پہلی دفعہ عوامی نمائندوں کو اسمبلی کے ان کیمرہ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## مولانا الیون نے عمران الیون کو شکست سے دوچار کیا، حافظ حسین احمد

کپتان نے اپنی ٹیم ''عمران الیون'' کی شکست پر اپنے بجائے تحریک انصاف کے تمام ٹیم سمیت عہدیداروں کو سولی پر لٹادیا، جے یو آئی پاکستان

کپتان اگرچہ میچ فکسنگ میں ماہر سمجھے جاتے ہیں لیکن تازہ ترین طریقہ واردات میں کھلاڑیوں سے زیادہ ''امپائر'' کی خدمات موثر ثابت ہوئی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما اور ممتاز پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے جزوی بلدیاتی ٹی 20 میں ''مولانا الیون'' نے عمران الیون کو شکست سے دوچار کردیا لیکن کپتان عمران نیازی نے اپنے بجائے تحریک انصاف کے تمام عہدیداروں کو سولی پر لٹکا دیا۔ وہ بدھ کو اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ فضل الرحمٰن الیون نے عمران الیون کی جو درگت بنائی اس سے جے یو آئی ف سے زیادہ مسلم لیگ ن والے خوشیاں مناتے نظر آئے وہ اس پر کیوں شاد

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## کوئٹہ، ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# کچھ عرصہ بلوچستان کی ترقی نہیں چاہتے، نور محمد دمڑ

بریفنگ میں ذاتی طور پر میرے ذہن میں جو سوالات تھے وہ سو فیصد کلیر ہوئے اور میں ان کیمرہ بریفنگ اجلاس سے مطمئن ہوا

ایوان کو جو بریفنگ دی تھی اور اس میں شریک کوئی بھی ایسا کوئی بھی ممبر نہیں تھا جو وہ کہے کہ وہ اس بریفنگ سے وہ مطمئن نہیں تھا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (حریف ترین) بی اے پی کے رہنماء سینئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے بعض سیاسی جماعتوں کی جانب سے ریکوڈک کے مسئلے کو متنازعہ بنانے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے گزشتہ روز جو ان کیمرہ بریفنگ ہوئی میں زاتی طور پر تو یقیناً میرے ذہن میں جو سوالات تھے وہ سو فیصد کلیر ہوئے اور میں ان کیمرہ بریفنگ اجلاس سے مطمئن ہوا بلوچستان اسمبلی کا ریکوڈیک کے حوالے سے جو ان کیمرہ بریفنگ تھا وہ بڑا معنی خیز بریفنگ تھا اور کوئی معمولی بریفنگ نہیں بلکہ مسلسل 8 گھنٹے بریفنگ چلا

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## دکی میں مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جان بحق

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جان بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو دکی میں مقامی کوئلہ کان

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## گورنر بلوچستان سے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے بدھ کے روز کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## 23 مارچ سے پہلے حکومت پر سے اسٹیبلشمنٹ کا ہاتھ اُٹھ جائیگا، جاوید لطیف

نواز شریف ہفتوں میں پاکستان میں نظر آئیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما جاوید لطیف نے کہا ہے کہ 23 مارچ سے پہلے حکومت پر سے اسٹیبلشمنٹ کا ہاتھ اُٹھ جائیگا، نواز

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## تربت میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 اے این ایف اہلکار جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) تربت میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 اے این ایف اہلکار جاں بحق ہو

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## منی بجٹ پر کابینہ کا خصوصی اجلاس (آج) 11 بجے ہوگا، امین الحق

ہماری خواہش ہے منی بجٹ میں آئی ٹی انڈسٹری پر کسی قسم کا ٹیکس نہ لگایا جائے، ٹیکس لگایا گیا تو مخالفت کروںگا

اسلام آباد (این این آئی) منی بجٹ پر کابینہ کا خصوصی اجلاس (آج) جمعرات کو 11 بجے ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر آئی ٹی امین

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# ملک کو کمزور کرنیکی ہر سازش کو ناکام بنادینگے، حاجی طور اتمان خیل

پاکستان ناقابل تسخیر ایٹمی قوت ہے ہمارے ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے ہاتھ توڑ تو دینگے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری

بھٹکے ہوئے لوگ راہ راست پر آجائیں دہشت گرد ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہوکر ملک اور بلوچستان کی خدمت کریں

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی پارلیمانی سیکرٹری صنعت و حرفت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے کہ ملک کو کمزور کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنا دینگے پاکستان ناقابل تسخیر ایٹمی قوت ہے ہمارے ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے ہاتھ توڑ تو دینگے پاکستان کے عوام اور پاک فوج ملک دشمنوں کے خلاف ایک اور متحد ہیں ہم ہر دشمن کو دندان شکن جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کو بھارت سپورٹ کررہا ہے بھارت

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## میرے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں، نور محمد دمڑ

کبھی کسی سے ناانصافی کی نہیں کرینگے، ایم پی اے ملک سکندر اور اصغر ترین سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد دمڑ سے اراکین صوبائی اسمبلی نے ملاقاتیں کیں، ملاقاتوں میں حلقوں کے مسائل کے حل اور فلاح

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## آئی ایم ایف کی شرائط قوم کے لیے گلے کا ہار نہیں، سراج الحق

سخت آزمائش بن چکیں، نااہلوں کا ٹولہ ملک پر مسلط ہے، میڈیا سے گفتگو

فیصل آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط قوم کے لیے گلے کا ہار نہیں، سخت آزمائش بن چکیں، آئی ایم ایف 22 کروڑ عوام کو پاؤں کی زنجیریں اور ہتھکڑیاں پہنا چکا، اب منی بجٹ کے ذریعے عوام کی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# ٹرالرنگ پر سختی کی وجہ سے ماہیگیری میں بہتری آنے لگی تھی، مولانا ہدایت الرحمن

مگر تین چار دن پہلے دوبارہ ٹرالروں نے اوماڑہ بسول جیونی کا رخ کرلیا تھا جس پر ہم نے سخت ایکشن لیا، سربراہ حق دو تحریک

ڈپٹی کمشنر گوادر اور ڈی جی فشریز نے یقین دہانی کرائی کہ فشریز ضلعی انتظامیہ پولیس لیویز کوسٹ گارڈز میرین سیکورٹی ایم ایس اے ملکر مزید سخت کارروائی کریں گے

گوادر (خ ن) حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت سے ہمارا جو معاہدہ ہوا تھا اس پر آج ڈپٹی کمشنر ڈی جی فشریز اور دیگر افسران سے دوسرا پروگریس اجلاس ہوا۔ جس میں مطالبات کے ایک ایک نقطہ کا جائزہ لیا گیا ٹرالرنگ پر سختی کی وجہ سے ماہیگیری میں بہتری آنے لگی تھی ماہیگیروں کے چہروں پر خوشیاں نظر آنے لگیں تھی مگر تین چار دن پہلے دوبارہ ٹرالروں نے اوماڑہ بسول جیونی کا رخ کرلیا تھا جس پر ہم نے سخت ایکشن لیا وزیراعلیٰ بلوچستان سیکرٹری فشریز تک بات پہنچائی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات وسماجی بہبود محترمہ بشریٰ رند سے ڈی جی پی آر بلوچستان اورنگزیب کاسی ملاقات کررہے ہیں

## سال 2021 کے دوران بجلی 18 روپے 71 پیسے فی یونٹ تک مہنگی

ایک سال میں نومرتبہ بجلی مہنگی کرکے صارفین پر 650 ارب روپے سے زائد کا بوجھ ڈالا گیا

کراچی (این این آئی) سال 2021 کے دوران میں ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ اور سرچارجز کی مد میں بجلی 18 روپے 71 پیسے فی یونٹ تک مہنگی کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## نواز شریف کی ضمانت دینے والے شہباز شریف کیخلاف حکومت کا عدالت سے رجوع کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم نواز شریف کے بیرون ملک جانے کے لیے ضمانت

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## حریم شاہ کا سندھ کے صوبائی وزیر سے شادی کا دعوی غلط

کراچی (این این آئی) متنازع ٹک ٹاک اسٹار اور اداکارہ حریم شاہ کا رواں برس پیپلز پارٹی کے صوبائی

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## نواز شریف آتے ہیں آئیں، نہیں آتے نہ آئیں، وزیر داخلہ

ہر پارٹی چاہتی ہے اسٹیبلشمنٹ ان کے سر پر ہاتھ رکھے، شیخ رشید احمد کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ ہر پارٹی چاہتی ہے اسٹیبلشمنٹ ان کے سر پر ہاتھ رکھے، اسٹیبلشمنٹ منتخب حکومت کے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# جدید تحقیق پر مبنی علم و دانش کو فروغ دینا ہوگا، سید ظہور آغا

تعلیم ہر قسم کی ترقی کی بنیاد ہے اور دنیا میں جن قوموں نے ترقی کی ہے وہ سب تحقیق پر مبنی تعلیم ہی کے مرہونِ منت ہے، گورنر بلوچستان

پل پل بدلتی دنیا میں اپنی ترجیحات کا تعین کرنے اور اپنے قومی اہداف حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنے اعلیٰ تعلیمی اداروں کو ہر حوالے سے مضبوط اور مستحکم بنانا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ ایک تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ قوم بننے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے صوبے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں نئے ابھرتے ہوئے رجحانات کے مطابق جدید تحقیق پر مبنی علم و دانش کو فروغ دینا ہوگا۔ ہم یہ بات فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ کل تک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے یہاں کے مقامی لوگ دیگر صوبوں کا رخ کرتے تھے مگر آج معیاری ہائیر ایجوکیشن کا حصول اپنے صوبے میں ہی ممکن ہوچکا ہے جو قابل ستائش ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر انجینئر احمد

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## رینجرز کے دستوں کو پنجاب سے واپس بھجوادیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے رینجرز کے دستوں کو واپس بھجوا دیا۔ محکمہ داخلہ نے تحریک

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسلام آباد، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات بیرون ملک اسمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ایئرپورٹ سے کروڑوں روپے مالیت کی آئس ہیروئن کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی ہے۔ ترجمان

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ، ڈی آئی جی مکران اور حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمٰن و دیگر غیر قانونی فشنگ لڑ انگ، ہارڈ ٹریڈ و دیگر امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# ریکوڈک پر حکمرانوں کی نظریں لگی ہوئی ہیں، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

عوام کے استحصال کے منصوبے کی بھرپور مزاحمت کریں گے، مرکزی صدر نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی ایک اصولی جماعت ہے ہم نے جمہوری اقتدار کے فروغ کے لئے ہمیشہ جدوجہد کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر وسابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ ریکوڈک پر حکمرانوں کی نظریں لگی ہو

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## ملک میں نیشنل سکیورٹی پالیسی کا اخباروں سے پتہ چلا

سینئر شیری رحمٰن کا قومی سلامتی پالیسی کو پارلیمنٹ میں پیش نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینئر شیری رحمٰن نے قومی سلامتی پالیسی کو پارلیمنٹ میں پیش نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں نیشنل سکیورٹی پالیسی کا اخباروں سے پتہ چلا، یہ کون سی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## امریکی شہری وجیہہ سواتی کے اغواء و قتل کیس کے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں تین دن کی توسیع

راولپنڈی (این این آئی) عدالت نے پاکستانی نژاد

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## بلوچستان میں کورونا وائرس کے 4 نئے کیسز رپورٹ متاثرین کی تعداد 33630 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## فی یونٹ بجلی 4 روپے 33 پیسے تک مہنگی، حتمی فیصلہ بعد میں آئیگا

نومبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر سماعت مکمل

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے نومبر کی فیول

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## نیا بلدیاتی نظام اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج، صدر مملکت کو نوٹس جاری

لوکل گورنمنٹ 2015ء کے قانون کی موجودگی میں آرڈیننس کے ذریعے نیا نظام آئین سے متصادم ہے، وکیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## سینٹ، ایک بار پھر حکومت اور اپوزیشن آمنے سامنے

ایوان گو نیازی گو، چینی چور، آٹا چور کے نعروں سے گونج اٹھا

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں ایک بار پھر اپوزیشن اور حکومتی اراکین آمنے سامنے آگئے اور ایک دوسرے کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی،

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ ملاقات کررہے ہیں

# امریکا یورپ میں اومی کرون نے خطرے کی گھنٹی بجادی

امریکا میں صرف ایک روز میں تین لاکھ نئے کیس رپورٹ، جرمنی میں نجی تقاریب ویکسین شدہ 10 افراد تک محدود

یورپ میں سب سے زیادہ فرانس متاثر، ایک لاکھ 80 ہزار نئے کیسز رپورٹ، جنوری میں نئی پابندیاں لگائے جانے کا امکان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور یورپ میں اومی کرون نے خطرے کی گھنٹی بجا دی، امریکی دارالحکومت واشنگٹن سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، امریکا بھر میں گزشتہ روز تین لاکھ 12 ہزار سے زائد نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ یورپ میں سب سے زیادہ متاثر فرانس ہوا جہاں 1 لاکھ 80 ہزار کے قریب اومی کرون کے نئے کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ملک بھر میں نئی پابندیاں عائد

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

# بلوچستان میں رواں سال مختلف اقسام کے جرائم کے 3573 واقعات رپورٹ

جرائم کے 488 زائد واقعات رونما ہوئے جبکہ اغواء، زنا، چوری کے واقعات میں کمی رپورٹ ہوئی

رواں سال صوبے میں ڈکیتی کی 200، گاڑی چوری اور چھیننے کی 102، مویشی اور دیگر چوری کے 182، جبکہ جان لیوا حادثات کے 317 واقعات بھی رپورٹ ہوئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال کے گیارہ ماہ کے دوران مختلف اقسام کے جرائم کے 3573 واقعات رپورٹ، گزشتہ سال کی نسبت جرائم کے 488 زائد واقعات رونما ہوئے جبکہ اغواء، زنا، چوری کے واقعات میں کمی رپورٹ ہوئی، محکمہ داخلہ بلوچستان کی رواں سال جنوری سے نومبر تک پولیس اور لیویز کے زیر انتظام جرائم کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں رواں سال کل 3573 جرائم کے واقعات رپورٹ ہوئے جو کہ گزشتہ سال کے 3085 واقعات کی نسبت 488 واقعات زائد ہیں رپورٹ کے مطابق پولیس

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

**1** بقیہ

تصدیق کرائی اجلاس میں ضلع کوارٹر کے 18 نامزد امیدواروں کے لوکل ٹیکٹیک کی جانچ پڑتال اور تصدیق عمل کا صاف شفاف طریقے سے جائزہ لیا گیا اس ضلع میں لوکل ٹیکٹیک کی کٹیگری کے 18 امیدواروں نے 18 امیدواروں میں سے 15 امیدوار جن میں چار فیصل امیدوار شامل ہیں کشمور کوارٹر کے سامنے بیٹھ ہوئے اور لوکل ٹیکٹیک سیٹ اپنے ضلعی کا لوکل صدیق کے لیے پیش کیے جبکہ تین امیدوار غیر حاضر رہے جن میں مدیہ خالد محمد کے نام شامل ہیں اجلاس میں بتایا گیا کہ میڈیکل کالجز کے تمام نامزد امیدواروں کے تصدیق عمل انتہائی صاف وشفاف طریقے سے انجام دی جائے گی کسی بھی امیدوار کی تصدیق عمل پر گڑبڑ نہیں کی جائے گی جن میدانوں پر اعتراضات اور خدشات ظاہر کیے گئے ہیں ان امیدواروں کا لوکل ٹیکٹیک کیے جانے کا تو اس امیدوار کا لوکل ٹیکٹیک منسوخ کرکے اس کے خلاف قانون کارروائی ڈالی جائے گی۔

**8** بقیہ

انجینئر گل شیخ احمد بلوچ ایلسن وائپا اور سوئی گیس کے عارف خان اور ترقی اور تحریک کے سربراہ مولانا عبدالرحمان اور حسین ولیلیہ سمیت دیگر امیدوار اور تحریک کے کارکنوں نے شرکت کی اجلاس میں کہا گیا کہ ماضی کیروں کے شعبہ سے ہزاروں لوگوں کو ذریعہ معاش وابستہ ہے بلوچستان کے سمندر میں تیزرفتار فشنگ کی کوئی جائزہ نہیں دی جائے گی بلکہ اس پر مکمل طور پابندی عائد کردی گئی ماہی گیروں کے روزگار اور حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے اور خاص طور پر تیزرفتار فشنگ ماہی گیروں کی تمام تر مشکلات کے لیے جرمانہ کیا جائے اور تمام تر مشکلات کے لیے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ سابق وفاقی وزیر مہیدالحسن نے کہا کہ ریکوڈک پیچ کراز کرنا کے قرضے کم ہورہے ہیں تو یہ خوش آئند اقدام ہے لیکن بلوچستان پر گزشتہ 4 سالوں کے دوران جتنے قرضے خرچ ہوئے ہیں سے کوئی نئی چیز سامنے نہیں آئی جاچ پیچ کیلئے دیگر صوبوں سے بھی اسی تناسب سے کوئی نئی جاتے کہ کہ ریکوڈک کو پہلا میں اپنا حصہ دائیں انہوں نے کہا کہ ریکوڈک کو پہلا ریکارڈ بلوچستان کیش کمار نے ایلیٹیشن ڈائریکٹر سائیکر کرام نگ کو جاری کیا ہے 1952 سے نکلے ہوئے سوئی گیس آج تک ملک میں استعمال ہوتی ہے اور اب کیا جارہا ہے کہ وہ ذخائر ختم ہونے کے قریب ہوجائیں گے۔ سابق وفاقی وزیر مہیدالحسن نے کہا کہ سینڈک پروجیکٹ ہوا کو آلودہ ہوتا ہے اور پورٹ ان مضبوطی سے بلوچستان کو آج تک خوشحالی نہیں ملی جبکہ سی پیک کے ذریعہ مغوذہ ، اکنامک زون، مزائیں، پاور پلانٹ دیکھ دیوب میں ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو 2200 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے جبکہ کوپہ کے 1200 میگاواٹ میگاواٹ کی ضرورت ہے لیکن صوبے کو صرف 8 کو 8 گھنٹے کی ڈیشنگ فراہم کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ماضی کی طرح ہمارے افراد میں اعتماد کرتے ہوئے کوئی بھی معاہدہ قابل قبول نہیں ہے اگر بلوچستان کے وسائل سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے تو صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کو اولین ترجیح دی جائے۔

**16** بقیہ

اور چھ دیر بعد واپس آئے تو معلوم چورا گئی موٹر سائیکل 2019 ماڈل، انجن نمبر B161810 کے گزرا ہوگئے واضح رہے کہ اوتھل میں کچھ عرصہ سے موٹر سائیکلوں چورگروہ سرگرم ہے اور کئی لوگ اپنی موٹر سائیکلوں سے محروم ہوچکے ہیں لیکن اوتھل پولیس کا چوری رکنے کا نام نہیں لیتا ہے اوتھل پولیس کارکردگی دکھائی نہیں دے رہی البتہ شہری مسلسل آیے کے موصوف سے اسلام آباد میں قانون کی مدد سے کئی سمپ پیڈ گاڑیوں اور ان میں پارکی جانے والی چھالیہ کی تاز رہتے ہیں جبکہ شیر میں قبرستان اور مضیات کے عادی افراد میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے لیکن موصوف کا سارا دھیان صرف ہی شاہراہ پر رہتا ہے جبکہ اوتھل شیر میں چوری، مشیات کی فروخت اور عروج پر ہے جبکہ کچھ عرصہ قبل تعینات ہونے والے ایس ایس پی لمبیدی کی کارکردگی بھی نظر نہیں آرہی عوامی حلقوں نے پولیس کے ارباب سے وکشاد مطالبہ کیا ہے کہ وہ ضلعی اوتھل ہیڈ کوارٹر اوتھل میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا نوٹس لیکر اسلام آباد تعینات کریں۔

**3** بقیہ

مستفید ہوسے ہیں ضلع میں کورنا وائرس سے پہلے کے 16 فلسٹ سینڈرم اور 81 ہزار نامعلوم تکمیل کی ہیں ضلعی ناظم حسب ڈاکٹر محبوب خان مری اور نائب ضلعی ناظم حسب ڈاکٹر عطاللہ خان مری سینئر ضلعی آفیسران مجھ کی گفرانی روزانہ کی بنیاد پر کررہے ہیں جبکہ عوام کے صحت کی طرف بھی قوی شاہراہ اور ذریعہ ناری خان قومی شاہراہ سمیت مختلف جگہوں پر فرش سینڈرم کے تیں جہاں پر محکمہ صحت کے تمیں شہریوں کو پیشین کررہے ہیں اور اس حوالے سے شہریوں کا اس وائرس سے بچاؤ کے لیے خصوصی آگاہی بھی فراہم کی کررہے ہیں کہ محکمہ صحت شہریوں کو کرنا کی اس بیوہ سے بچانے کیلئے ہرممکن اقدامات اختیاری ہے محکومتی وہایات پر عملدرآمد کرنا شہریوں کا مفاد ہیں ہے کورونا سے بچاؤ کے لیے ویکسین لگوانا سب سے موثر ہے شہریوں کو چاہیے کہ ویکسی نیشن ضرور کا ساتھ دے کر ایک ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔

**4** بقیہ

اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

**5** بقیہ

ٹریک مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کا کو عطاللہ بلوچ چیف افسر انور بلوچ بلمہ احمد حضرت علی اچترنی میر یاسین میتلیل موجود تھے سرگرم کو کے عطاللہ بلوچ چیف آفیسر انور بلوچ بلال احمد حضرت علی اچترنی میر یاسین میتلیل نے سرگرم وہاڑ ڈائنگ پارٹی کو ریاقت ہاڑ ڈاسوج ٹج مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کا کو عطاللہ بلوچ چیف آفیسر انور بلوچ بلال احمد حضرت علی اچترنی میر یاسین میتلیل نے سرگرم وہاڑ ڈائنگ پارٹی کو ریاقت ہاڑ ڈاسوج ٹج مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کا کو عطاللہ بلوچ چیف آفیسر انور بلوچ بلال احمد حضرت علی اچترنی میر یاسین میتلیل نے سرگرم وہاڑ ڈائنگ پارٹی کو ریاقت ہاڑ ڈاسوج ٹج قدحداری بازار تاج روڈ کا دورہ کیا کہ قدحداری بازار تاج روڈ تھانہ وہاڑ پولیس پلازہ کے تاجروں سے مطلبہ کیا کہ وہ سرگرم وہاڑ پارکنگ پلازہ میں پاگاڑیاں کھڑی کرے تاکہ ہم پھر میں ٹریک کا اظلاہ ہوتا کرنے ہوا دب سکے اور وہاڑ اور بلدیہ پلازہ پارکنگ پلازہ کو ٹریک پر نہیں دیا جاتا اس وقت تک فری پارکنگ کرسکتے ہیں۔

**6** بقیہ

بیلچہ ماسٹر ماجد شکنوں کی ایسے اپنے سکولوں کی بہتری اور خوبصورت بنانے کی کاشیں قابل ستائش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اوتھل میں اپنے آفس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈویژن اوتھل اور اسٹاری ڈویژن ڈائریکٹر جاہی محمد بخش چانڈیو، اسسٹنٹ ڈویژن ڈائریکٹر عبدالرشید منگریو اور اسسٹنٹ ڈویژن ڈائریکٹر تعلیم کا حصول بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا حصول سب کا بنیادی حق ہے اور تعلیم یافتہ معاشرہ ہی ترقی کی منازل تک لے جاسکتا ہے لہذا ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو تعلیم کے لیے سکولوں میں داخل کریں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر معاشرے کے اچھے اور تعلیم یافتہ شہری بن سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی معیار کی بلندی کے لیے تمام متعلقین کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں ڈویژن ڈائریکٹر انجینئر شیخ محمد کرامت نے کہا کہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کے پرائمری سیکشن میں واقع ہائی پرچ بال کی تعمیر کے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ریڈ سے لاوٹی، پھر لوئی کے سکول اور اب بوائز ہائی بال سکول کو بہترین بنانے کے لیے پلان مرتب ہوچکے ہیں گرلز ہائی سکول ریلوے میں اس طرح ہی پیسنگ کے دوران اسے ہائی بنایا گیا ہے اس کی تکمیل کا شرف اقدام کی ہے اور گرلز ہائی سکول کوٹھی کا قابل ستائش ہیں جنہوں نے اپنی دلچسپی لیتے ہوئے انہیں سکول کو خوبصورت بنانے میں اوتھل صاحب

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعرات 30 دسمبر 2021ء

# ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنیکی ہرگز اجازت نہیں دینگے امریکا

## ایران نے مذاکرات کے سابقہ ادوار میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا، لہٰذا کسی بھی قابل ذکر پیش رفت کے بارے میں بات کرنا قبل از وقت ہوگا، ذرائع امریکی محکمہ خارجہ

**دیانا مذاکرات کی کامیابی، ایران پر عائد پابندی ختم کرنے سے متعلق معاہدے تک پہنچنے پر منحصر ہے، مکرات میں شریک تقریبا تمام فریقوں نے ہی باور کرایا ہے کہ غیر قانونی پابندی ختم کیا جانا ترجیحی موضوع ہے، باقری**

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خارجہ نے زور دے کر کہا ہے کہ صدر جو بائیڈن ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ عرب ٹی وی کے مطابق بیان میں وزارت خارجہ کے ذرائع نے مزید کہا کہ ایران نے مذاکرات کے سابقہ ادوار میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ لہٰذا کسی بھی قابل ذکر پیش رفت کے بارے میں بات کرنا قبل از وقت ہوگا۔ ادھر ایران کے سینئر مذاکرات کار علی باقری کنی کے مطابق ویانا مذاکرات کی کامیابی، ایران پر عائد پابندی ختم کرنے سے متعلق معاہدے تک پہنچنے پر منحصر ہے۔ باقری کے مطابق مکرات میں شریک تقریبا تمام فریقوں نے ہی باور کرایا ہے کہ غیر قانونی پابندی ختم کیا جانا ترجیحی موضوع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کی ضمانت دی جانی چاہیے کہ امریکا ایک بار پھر معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گا اور ایران کے خلاف پابندیوں کے نئے اقدامات نہیں کیے جائیں گے۔ امریکی وزارت خارجہ نے زور دے کر کہا ہے کہ صدر جو بائیڈن ایران کو کبھی بھی جوہری

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### آسٹریلیا میں لیب کی غلطی، کورونا کے 886 مریضوں کو صحت مند قرار دے دیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا میں لیبارٹری کی غلطی سے کورونا کے 886 مریضوں کو صحت مند قرار دے دیا گیا، غیر ملکی میڈیا کے مطابق آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں ایک لیبارٹری نے 886 کورونا کے مریضوں کی غلط ٹیسٹ رپورٹ جاری کرتے ہوئے انہیں کورونا سے محفوظ قرار دے دیا۔ لیبارٹری کے منتظمین کے مطابق کرسمس پر غیر معمولی تعداد میں کورونا کی ٹیسٹنگ اور ڈیٹا پروسسنگ میں غلطی کی وجہ سے کورونا مریضوں کی غلط رپورٹس جاری ہوئیں۔ کورونا سے متاثر افراد نے غلط رپورٹس پر لیبارٹری کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ لیب کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# سوڈان میں سونے کی کان دھنسنے سے 38 مزدور ہلاک

## واقعہ دارالحکومت خرطوم سے 700 کلو میٹر دور کے علاقے میں پیش آیا

**کان میں کام باضابطہ طور پر بند تھا، مقامی مزدوروں نے اپنی مدد آپ کے تحت شروع کیا، حکام**

خرطوم (این این آئی) سوڈان میں سونے کی کان دھنسنے سے 38 مزدور ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق، واقعہ منگل کے روز پیش آیا جس میں سوڈان کے وسطی صوبے کردفان میں سونے کی کان دھنسنے سے 38 مزدور دب کر ہلاک ہوگئے۔ سوڈان کی مقامی منرل ریسورس کمپنی کا کہنا تھا کہ واقعے میں 8 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں جنہیں فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ حکام کا بتانا تھا کہ واقعہ دارالحکومت خرطوم سے 700 کلو میٹر دور کے علاقے میں پیش آیا۔ حکام کے مطابق اس کان میں کام باضابطہ طور پر بند تھا تاہم مقامی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# ہانگ کانگ میں پولیس نے چھ صحافیوں کو حراست میں لے لیا

## عوام کو حکومت کے خلاف غداری کے لیے اکسانے پر مذکورہ گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں، ہانگ کانگ حکومت

**ان چھ افراد کو ایسا مواد شائع کرنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا ہے جس کے ذریعے وہ عوام کو حکومت کے خلاف غداری کرنے پر اکسا رہے تھے**

ہانگ کانگ سٹی (این این آئی) ہانگ کانگ کی پولیس نے ایک نیوز ادارے کے دفتر پر چھاپے کے دوران اس کے حالیہ اور سابقہ چھ ملازمین کو عوام کو حکومت کے خلاف اکسانے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہانگ کانگ حکومت کی جانب سے جاری بیان میں کہا کہ ان چھ افراد کو ایسا مواد شائع کرنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا ہے جس کے ذریعے وہ عوام کو حکومت کے خلاف غداری کرنے پر اکسا رہے تھے۔ ادارے کے ایڈیٹر ان چیف پیٹرک لیم کو پولیس کی جانب سے ہتھکڑیوں میں لے جاتے دیکھا گیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈاکٹرز کی ایف آئی آر واپس لینے پر ایم پی اے نصر اللہ زیرے ڈاکٹروں کو ریلیز آڈر دے رہے ہیں

# جرمنی میں دائیں بازو کے چھ سو انتہا پسندوں کے وارنٹ گرفتاری

## چھ سو ملزمان میں سے نو ایسے ہیں، جن کی گرفتاری کے لیے ایک سے زائد وارنٹ جاری کیے جا چکے ہیں، یہ ممکن ہے کہ کسی مشتبہ ملزم کے ایک سے زائد مرتبہ وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے ہوں، وزارت داخلہ

**مزید یہ کہ دائیں بازو کے ان انتہا پسندوں میں 147 مشتبہ ملزمان ایسے ہیں، جو پرتشدد جرائم کے مرتکب ہوئے جبکہ 12 مطلوب ملزمان ایسے بھی ہیں، جو مبینہ طور پر متعدد مرتبہ پرتشدد مجرمانہ واقعات میں ملوث رہے تھے**

برلن (این این آئی) جرمن وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ ملک میں دائیں بازو کے تقریبا چھ سو انتہا پسندوں کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے جا چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات وفاقی جرمن پارلیمان بنڈس ٹاگ میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں بتائی گئی۔ ملکی پارلیمان کے ایوان زیریں میں اس بارے میں حزب اقتدار سے یہ استفسار بائیں بازو کی سیاسی جماعت دی لنکے کی ایک رکن کی طرف سے کیا گیا تھا۔ اس سوال کے جواب میں وفاقی وزارت داخلہ کی طرف سے ارکان پارلیمان کو تحریری طور پر بتایا گیا کہ ملک میں اب تک دائیں بازو کے مجموعی طور پر 596 انتہا پسندوں کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے جا چکے ہیں۔ ان میں سے 140 واقعات میں ملزمان پر شبہ ہے کہ وہ سیاسی وجوہات کی بنا پر مختلف نوعیت کے جرائم کے مرتکب ہوئے تھے۔ ان تقریبا چھ سو مشتبہ ملزمان میں سے نو ایسے ہیں، جن کی گرفتاری کے لیے مختلف مقدمات میں ایک سے زائد وارنٹ جاری کیے جا چکے ہیں۔ بنڈس ٹاگ میں پیش کیے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ اورنگزیب کاسی اور اسپیشل سیکریٹری افضل خان کوستی ملاقات کر رہے ہیں

# اسپیس ایکس سیٹیلائٹ کی چینی خلائی اسٹیشن کے نزدیک آنے پر چین کی تنقید

## اسی وجہ سے خلائی اسٹیشن میں موجود عملے کی زندگی اور صحت کو خطرات لاحق ہوئے، ترجمان چینی وزارت خارجہ

**امریکا نے بین الاقوامی معاہدوں کے تحت عائد ذمہ داریوں کو نظر انداز کیا اور خلابازوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا**

بیجنگ (این این آئی) چینی خلائی اسٹیشن اور ایلون مسک کی کمپنی اسپیس ایکس کی جانب سے بھیجی گئی سیٹیلائٹس کے دو مرتبہ ایک دوسرے کے خطرناک حد تک قریب آجانے پر چین نے امریکا پر خطرناک طرز عمل کا الزام عائد کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کی اسپیس ایجنسی میں چین کی جانب سے جمع کروائے جانے والے نوٹ میں کہا گیا کہ چین کے نئے خلائی اسٹیشن تیانگونگ کو جولائی اور اکتوبر میں اسٹارلنک کی جانب سے بھیجی گئی سیٹیلائٹ سے بچنے کے لیے اپنی جگہ تبدیل کرنی پڑی تھی۔ نوٹ میں کہا گیا کہ اس وجہ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ویمن میڈیا سینٹر کے زیر اہتمام ورکشاپ کے مہمان خصوصی ایم پی اے شکیلہ نوید دہوار کی شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

# سعودی عرب پر حوثی حملے، امریکہ کی شدید مذمت

**حوثی ملیشیا کے قائدین کے خلاف پابندیاں لگا کر کڑا احتساب کیا گیا: دفتر خارجہ**

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خارجہ نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب کے خلاف مسلسل جارحیت کی مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ذرائع حوثی حملوں کو امریکا کے اتحادیوں اور امریکہ میں مقیم امریکی شہریوں کے لیے بہت بڑا خطرہ سمجھتے ہیں۔ انہی ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# جرمنی، بہن کے قتل میں ملوث دو افغان بھائیوں پر فردِ جرم عاید

**دونوں بھائیوں نے بہن کو مغربی طرز زندگی اختیار کرنے پر سزا کے طور پر جان سے مار دیا تھا، استغاثہ**

برلن (این این آئی) جرمن استغاثہ نے جولائی میں دو افغان تارکین وطن پر اپنی بہن کے قتل کے الزام میں فردِ جرم عاید کردی، انھوں نے مبینہ طور پر اپنی بہن کو مغربی طرز زندگی اختیار کرنے پر سزا کے طور پر جان سے مار دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان افراد کی عمریں 26 اور 22 سال ہیں۔ برلن میں استغاثہ نے فرد جرم میں کہا کہ وہ اس دن بعد میں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# سعودی عرب، حج سیزن میں اندرونی حجاج کی خدمات میں خلاف ورزی پر سزائیں

**اللہ کے مہمانوں کی خدمت کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی یا لاپروائی کی اجازت ہرگز نہیں دیگی**

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت حج وعمرہ کی متعلقہ کمیٹی نے 1442 ہجری کے حج سیزن میں مملکت کے اندرونی حجاج کرام کے لیے کام کرنے والی متعدد کمپنیوں اور اداروں کے خلاف کئی فیصلے جاری کیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان فیصلوں میں ان کمپنیوں اور اداروں کو سزا دی گئی ہے جنہوں نے اندرون مملکت حجاج کے نظام کی خلاف

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# طالبان کے ہاتھوں سابق فوجیوں کے قتل کیخلاف خواتین کا احتجاج

**افغان فورسز نے مارچ کرنیوالی خواتین کو آگے بڑھنے سے روک دیا، انسانی حقوق کی بحالی کا مطالبہ**

کابل (این این آئی) طالبان کے ہاتھوں سابق افغان فوجیوں کی ہلاکت کے خلاف خواتین نے کابل میں احتجاجی مارچ کیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### معرکہ فرقان میں بہایا گیا لہو نئی فتوحات کی بنیاد ثابت ہوگا، حماس

غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ھنیہ نے کہا ہے کہ رواں سال مئی میں غزہ کی پٹی کے محاذ پر قابض اسرائیل کی جارحیت کے دوران دی جانی والی قربانیوں نے ایک نئی فتح کی بنیاد رکھی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### فلسطینی مزاحمتی قوتوں نے قابض دشمن کے خلاف بھرپور تیاری کرلی

غزہ (این این آئی) فلسطینی سیاسی اور مزاحمتی قوتوں نے باور کرایا ہے کہ مزاحمتی قوتوں نے قابض دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے اور اس کی بار بار جارحیت کو روکنے کے لیے بھرپور طریقے سے تیار کرلی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### حماس رہنماء خالد مشعل کی دورہ لبنان میں انٹرویو دینے کی تردید

بیروت (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے ایک بیان میں باور کرایا ہے کہ حال ہی میں جماعت کے بیرون ملک امور کے سربراہ خالد مشعل نے اپنے دورہ لبنان کے دوران کسی نجی ابلاغی ادارے کو انٹرویو نہیں دیا۔ نجی میڈیا کی طرف

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### اسرائیلی اخبار نے بھارت میں ہندو انتہا پسندی کا چہرہ بے نقاب کردیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں مسلمانوں کے بعد مسیحی برادری بھی انتہا پسندوں کے نشانے پر ہیں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# سعودی عرب میں ہر جگہ پر ماسک اور سماجی فاصلے کی پابندی دوبارہ عائد

**تمام مقامات اور تقریبات میں ماسک لگانے اور سماجی فاصلہ رکھنے کی پابندی دوبارہ سے عائد کردی گئی**

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں کرونا کی وبا کے حوالے سے متعدد حفاظتی اقدامات کو دوبارہ سے لازم کر دیا گیا ہے جن میں چہرے پر ماسک لگانا سرفہرست ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اقدام ایسے وقت سامنے آیا جب دنیا بھر میں کرونا کی نئی صورت اومیکرون سے متاثر افراد کی تعداد میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ بدھ کے روز

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# اومیکرون سے ہونے والی کووڈ بیماری ایک سال پہلے جیسی نہیں، برطانوی طبی ماہر

**جن مریضوں کو ہسپتال کا رخ کرنا پڑتا ہے، وہاں ان کا قیام دیگر اقسام کے مقابلے میں مختصر ہوتا ہے**

لندن (این این آئی) دنیا بھر میں تیزی سے پھیلنے والی کورونا وائرس کی قسم اومیکرون ویسی بیماری نہیں جس کا سامنا ایک سال قبل ہوا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات برطانیہ کی آکسفورڈ یونیورسٹی کے ایک ماہر نے کرتے ہوئے ان رپورٹس کو تقویت دی کہ کورونا کی اس نئی قسم سے ہونے والی بیماری کی شدت معمولی یا معتدل ہوتی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# سال نو پر اومی کرون سے سب محتاط رہیں، برطانوی وزیر تحفظ

**سال نو کی تقریب میں شرکت سے قبل ٹیسٹ کرالیا جائے، جیلین کیگن کا بیان**

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر تحفظ جیلین کیگن نے کہا ہے کہ اومی کرون کے کیسز کی وجہ سے سب کو محتاط رہنا ہوگا، سال نو کی خوشیاں احتیاط کے ساتھ منائی جائیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں برطانوی وزیر تحفظ کا کہنا تھا کہ سال نو کی تقریب میں شرکت سے قبل ٹیسٹ کرالیا جائے، اسپتالوں میں مریضوں کا دباؤ ہے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# کم شدت کے باوجود اومی کرون نظام صحت کو متاثر کرسکتا ہے، ڈبلیو ایچ او

**اومی کرون پھیلاو کو روکنے کیلئے چین اور جرمنی نے دوبارہ سخت پابندیاں لگا دی ہیں، عالمی ادارہ صحت**

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے کورونا وائرس کے نئے ویرینٹ اومی کرون کے حوالے سے نیا بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کم شدت کے باوجود اومی کرون نظام صحت کو متاثر کرسکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈبلیو ایچ او نے ایک بیان میں کہا کہ حالیہ تحقیق بتاتی ہے کہ اومی کرون کی شدت کم ہے، لیکن اس کے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سی، ڈپٹی کمشنر سی سید زاہد شاہ لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی تصدیق کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

### امت مسلمہ کی خوشحالی اتحاد اور یگانگت میں چھپی ہے، ترک صدر

انقرہ (این این آئی) ترکی کے صدر طیب اردوان نے کہا ہے کہ امت مسلمہ اسی وقت خوشحال ہوگی جب آپس میں اتحاد اور یگانگت کو رواج دیں گے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ترک صدر طیب اردوان نے کہا کہ اللہ اپنی آخری کتاب میں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### یورپ نقل مکانی کے دوران فلسطینی ڈاکٹر کشتی ڈوبنے سے جاں بحق

استنبول (این این آئی) ترکی میں فلسطینی کمیونٹی نے شام میں مقیم فلسطینی ڈاکٹر محمد عجاج کی یورپ میں پناہ کے سفر کے دوران یونانی ساحل کے قریب ڈوب کر جاں بحق ہونے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کمیونٹی نے اپنے آفیشل فیس بک پیج پر وضاحت کی کہ ڈاکٹر عجاج اس کشتی پر سوار تھے جو گذشتہ جمعہ کو یونانی ساحل پر ڈوب گئی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# امریکا، کرسمس شاپنگ کے دوران ہلاک ہونیوالی لڑکی کے والدین کا احتجاج

**اسٹور میں مشتبہ شخص کی فائرنگ کی اطلاعات پر کارروائی کرکے اسے ہلاک کیا گیا، پولیس کا بیان**

کیلی فورنیا (این این آئی) امریکی ریاست کیلی فورنیا کے شہر لاس اینجلس میں کرسمس کی شاپنگ کے دوران ہلاک ہونے والی 14 سالہ لڑکی کے والدین نے لاس اینجلس پولیس ہیڈ کوارٹر کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے انصاف کیے جانے کا مطالبہ کردیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق 23 دسمبر کو کرسمس کی شاپنگ کے دوران اسٹور میں پولیس کی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں



محکمہ ثقافت حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام عمر گل عسکری کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے کریم بریالئے، سرور جاوید، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین، متین اخوندزادہ، سرور سودائی، آغا گل، ڈاکٹر نصیب اللہ سیماب، عبدالقیوم بیدار اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

# سوڈان کی وحدت اور استحکام کے خواہاں ہیں، سعودی وزیر خارجہ

## جلد نئی حکومت قائم، عسکری اور شہری عناصر کے درمیان ہم آہنگی پیدا کی جائے، سوڈانی جنرل اور وزیر اعظم سے گفتگو

**ملک میں موجودہ حکومت کے خلاف عوامی احتجاجی تحریک دیکھی جارہی ہے اور انتخابی عمل کے فائدے مند ہونے کے حوالے سے وسیع بحث چھڑی ہوئی ہے**

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے باور کرایا ہے کہ ان کا ملک سوڈان کے استحکام اور وحدت کا شدید خواہاں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ موقف سعودی وزیر خارجہ کے سوڈانی خود مختار کونسل کے سربراہ جنرل عبدالفتاح البرہان اور وزیر اعظم ڈاکٹر عبداللہ حمدوک سے دو علاحدہ ٹیلیفونی رابطوں میں سامنے آیا۔ شہزادہ فیصل نے زور دیا کہ سعودی عرب چاہتا ہے کہ سوڈان میں جلد از جلد نئی حکومت کی تشکیل عمل میں آئے اور عسکری اور شہری عناصر کے درمیان ہم آہنگی یقینی بنائی جائے۔ اس سے قبل

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# عراق، داعش کے ہاتھوں پاسپورٹس ڈائریکٹر اور اس کے تین ساتھی ہلاک

**فوج نے علاقے میں سیکورٹی آپریشن کیا تو اس دوران میں بعض مغویوں کی لاشیں ملیں**

بغداد (این این آئی) عراق میں داعش تنظیم نے سوشل میڈیا پر اعلان میں بتایا ہے کہ اس نے عراقی وزارت داخلہ کے ایک افسر کو اغوا کرنے کے چند روز بعد موت کے گھاٹ اتار دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تنظیم نے ایک وڈیو اور تصاویر بھی جاری کی جن میں بغداد میں الاعظمیہ سٹی کے ڈائریکٹر پاسپورٹس کرنل یاسر الجورانی کا گلا کاٹتے ہوئے دکھایا گیا۔ داعش تنظیم کے عناصر نے دو ہفتے قبل کرنل الجورانی اور اس کے تین ساتھیوں کو اس وقت اغوا کرلیا تھا جب وہ دیالی صوبے کے علاقے خاتقین میں خشکی پر شکار کے لیے جا رہے تھے۔ ان

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) اور ہیلتھ سروسز اکیڈمی اسلام آباد کے زیر اہتمام کوئٹہ میں "غیر متعدی امراض" کے موضوع پر میڈیا ورکشاپ کے شرکاء

# امام مسجد پر نفرت انگیز تقریر کا الزام، فرانس میں مسجد بند کردی گئی

**امام لوگوں کو نفرت، تشدد اور جہاد کے دفاع کے لیے اکسا رہے تھے، مسجد چھ ماہ بند رہے گی، حکام**

پیرس (این این آئی) فرانس نے شمالی علاقے میں ایک مسجد بند کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ امام مسجد نفرت انگیز قسم کی تقریر کر رہے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دارالحکومت پیرس سے 100 کلومیٹر شمال میں 50 ہزار آبادی پر مشتمل بیووائس میں قائم مسجد 6 ماہ تک بدستور بند رہے گی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ امام

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# ایرانی کی بڑھتی عسکریت روکنے کے لیے شامی بندرگاہ پر حملے کیے، اسرائیل

**حملوں سے مغربی طاقتوں کیساتھ جوہری مذاکرات حوالے سے ایران پر دباؤ بڑھ سکتا ہے**

دمشق (این این آئی) اسرائیلی قومی سلامتی کونسل کے ڈپٹی چیف چک فرلیچ نے کہا ہے کہ اگر لاطاکیہ حملے حقیقت میں اسرائیل نے کیے ہیں تو اس بات کا غالب امکان ہے کہ ان کے ذریعے اسرائیل شام کے اندر ایران کی بڑھتی ہوئی عسکری اہلیت کو روکنا چاہتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیلی قومی سلامتی کونسل کے ڈپٹی چیف چک فرلیچ نے کہا کہ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# ابوظبی میں کورونا کیسز میں اضافے کے پیش نظر فاصلاتی تدریس کا دوبارہ نفاذ

**ابوظبی میں آنے والے افراد کو الحوسن ایپ پر ویکسین لگوانے کا گرین پاس دکھانا ہوگا**

ابوظبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں کرونا وائرس کے یومیہ کیسوں میں اضافے کے پیش نظر دارالحکومت ابوظبی میں احتیاطی تدابیر کے طور پر تعلیمی سال کی نئی مدت کے پہلے دو ہفتوں کے لیے فاصلاتی تدریس پر دوبارہ عمل درآمد کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ابوظبی کے میڈیا دفتر نے اعلان کیا کہ اس فیصلے کا اطلاق امارت کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں بشمول تربیتی اداروں، کالجوں اور یونیورسٹیوں پر ہوگا اور ان کی آن لائن کلاسیں ہوں گی۔ دریں اثنا ابوظبی کے حکام نے امارت میں داخل ہونے والوں کے لیے نئے سرحدی قواعد وضوابط کا اعلان کیا۔ امارت کی ایمرجنسی، کرائسیس اور ڈیزاسٹرز کمیٹی کے مطابق ابوظبی میں آنے والے افراد کو الحوسن ایپ پر ویکسین

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

# سری لنکا میں ٹرانسپورٹ اور تعلیم کے سیکٹرز میں سعودی منصوبوں کا آغاز

## دونوں منصوبے لوگوں کی ایک بڑی تعداد کی زندگی کے واسطے بڑی اہمیت کے حامل ہیں، وزیر مواصلات

**یہ منصوبے لوگوں کی ایک بڑی تعداد کی زندگی کے واسطے بڑی اہمیت کے حامل ہیں، ان سے سماجی اور اقتصادی حالات بہتر ہوں گے**

ریاض (این این آئی) سعودی ترقیاتی فنڈ کے چیف ایگزیکٹو سلطان المرشد اور ان کے ہمراہ وفد نے سری لنکا میں ایک ہائی وے (بیراڈانیا باڈولا چنکالاڈی) کو بہتر بنانے کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ہائی ویز کے سری لنکن وزیر جونسٹن فرنانڈو بھی موجود تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی فنڈ نے اس منصوبے کے لیے مجموعی طور پر 6 کروڑ امریکی ڈالر کی فنڈنگ پیش کی ہے۔ یہ منصوبہ ٹرانسپورٹ سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، ٹریفک حادثات کے نتیجے میں اموات اور زخمیوں کے تناسب میں کمی اور راستوں کی سلامتی کا معیار

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد کی سربراہی میں ضلع گوادر سے میڈیکل کالج کیلئے نامزد امیدواروں کا لوکل سرٹیفکیٹ کی تصدیق اجلاس کی جارہی ہے

# جدہ میں تیز رفتار گاڑی کی مسجد کی دیوار سے ٹکر، پانچ افراد زخمی

**مسجد کی دیوار سے ٹکرانے والی گاڑی ڈیانا ہے جس کا ڈرائیور نیپالی تارک وطن ہے**

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ساحلی شہر جدہ کے جنوب مشرقی علاقے میں ایک گاڑی مسجد کی دیوار سے ٹکرا گئی۔ تصادم اس قدر شدید تھا کہ مسجد کی دیوار ٹوٹ گئی جس سے 5 افراد زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ ٹریفک پولیس کی جانب سے جاری مختصر بیان میں کہا گیا کہ جدہ کے جنوب مشرقی علاقے المنتزھات میں ایک گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر ہوکر مسجد کی دیوار سے جا ٹکرائی۔ مذکورہ مسجد کلو 14 کے الصواعد نامی محلے میں واقع ہے۔ حادثے کی تفصیل بتاتے ہوئے مسجد کے نمازیوں نے بتایا کہ ایک تیز رفتار گاڑی، ڈرائیور سے بے قابو ہوکر مسجد کی دیوار سے ٹکرا گئی جس کے باعث 5 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ نمازیوں نے بتایا کہ مسجد کی دیوار سے ٹکرانے والی گاڑی ڈیانا ہے جس کا ڈرائیور نیپالی تارک وطن ہے۔ اچانک

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

### یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے، بے حرمتی کرتے رہے

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آباد کاروں نے اسرائیلی پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد اقصی میں گھس کر مسلمانوں کے قبلہ اول کی بے حرمتی کی۔ یہودی آبادکار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر انتہا پسند یہودی شر پسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر بشیر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

## بلوچستان میں تعلیمی ترقی

صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے اپنے اس عزم کو دہرایا ہے کہ بلوچستان میں تعلیم کی ترقی و فروغ کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ صوبائی حکومت معیار تعلیم کو بلند کرنے کے لئے کوشاں ہے۔

کسی بھی علاقے کی ترقی تعلیم سے مشروط ہوتی ہے۔ بلوچستان میں پسماندگی کی بڑی وجہ تعلیم کی کم شرح بھی ہے۔ صوبے میں ایک عرصہ تک بدامنی کی جو لہر رہی۔ اس کے منفی اثرات دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ تعلیمی شعبہ پر بھی مرتب ہوئے۔ قابل اساتذہ کی کثیر تعداد نقل مکانی کر کے چلی گئی اس خلاء کو پر کرنے کی بجائے نا اہل اور نالائق افراد کو اسامیوں کی خرید و فروخت اور سیاسی بنیاد پر بطور اساتذہ بھرتی کر کے مزید بڑھا دیا گیا۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ ٹیچرز کو میرٹ پر بھرتی کیا جاتا، لیکن ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے بدعنوان حکام نے محکمہ تعلیم کی بھرتیوں میں پیسہ کمانے کا دھندا شروع کیئے رکھا۔ جس پر جام دور میں بھی قابو نہیں پایا جا سکا۔ محکمہ تعلیم میں نان ٹیچنگ سٹاف کی بھرتی میں بے قاعدگیوں کی رپورٹ سامنے آنے کے بعد بھی ذمہ داروں کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ٹیچرز کی بھرتی میں ٹیسٹنگ اتھارٹی نے جو میرٹ لسٹ بنائی، اس میں گھپلے کیئے گئے۔ اعلیٰ تعلیمی قابلیت کے افراد کو اضافی نمبر نہیں دیئے گئے۔

وزیر تعلیم کی جانب سے کنٹریکٹ پر اساتذہ کی بھرتی کا فیصلہ بہت ہے لیکن اس سلسلہ میں ضروری ہے کہ جو کنٹریکٹ اساتذہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں، انہیں ایک سال کے بعد مستقل کرنے کا اعلان کیا جائے، تاکہ عارضی اساتذہ محض وقت گزاری اور تنخواہیں لینے تک محدود نہ رہیں، بلکہ وہ لگن کے ساتھ اپنی ڈیوٹی انجام دیں اس ضمن میں ضروری ہے کہ مانیٹرنگ کا موثر سسٹم ترتیب دیا جائے سیکرٹریٹ میں کام کرنے والے یونیسف کے تعاون سے قائم شعبہ کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے، مستقل بنیادوں پر قائم کیا جائے۔ اساتذہ کی تربیت کے لئے بھی خصوصی شعبہ کو مزید وسائل فراہم کیئے جائیں۔ تاکہ ماضی میں تعلیم کی ترقی و فروغ کے لئے جو کاتاہیاں ہوئیں، انہیں دور کیا جا سکے۔ کورونا وائرس سے بھی تعلیمی شعبے کو پہنچنے والے نقصان کی تلافی کرنے کے لئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ ہم کنٹریکٹ پر اساتذہ کی بھرتی اور انہیں ایک سالہ کارکردگی کی بنیاد پر مستقل کرنے کی تجویز کو قابل عمل سمجھتے ہیں۔ محکمہ تعلیم میں جو ہزاروں نا اہل ٹیچرز بھرتی کیئے گئے۔ انہیں فارغ کرنے سے بے روزگاری میں مزید اضافہ ہوگا۔ اس مسئلہ کا حل یہ ہے کہ تمام ٹیچرز کا از سر نو ٹیسٹ لیا جائے، جو افراد امتحان میں کامیاب نہ ہو سکیں۔ انہیں دیگر محکموں میں بھجوا دیا جائے۔ تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ قوم کے معماروں کے مستقبل کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ اس سلسلے میں کوئی کوتاہی قابل برداشت نہیں۔

## دانشوروں کی جملہ اقسام۔ مکمل کالم

**یاسر پیرزادہ**

انگریزی کا ایک لفظ ہے 'integrity'۔ عام طور سے اس کا ترجمہ دیانت داری یا امانت داری کیا جاتا ہے جس سے گزارا تو ہو جاتا ہے مگر تسلی نہیں ہوتی کیونکہ دیانت داری 'honesty' کا ترجمہ ہے اور یوں integrity کے لیے یہ لفظ موزوں نہیں ہے۔ Integrity کے لیے راست بازی اچھا متبادل ہو سکتا ہے۔ خیر، ان میں سے جو بھی لفظ آپ کو مناسب لگے اسے integrity کے متبادل کے طور پر چن لیں کیونکہ فی الحال اس لفظ کا موزوں ترجمہ کرنا اہم نہیں بلکہ اہم یہ سوال ہے کہ زندگی میں اس integrity یا راست بازی کی کتنی اہمیت ہے اور اصل میں اس سے مراد کیا ہے؟

Integrity کی سب سے عمدہ تعریف امریکی اور کلاری اور دانشور ایڈم گرانٹ نے کی ہے۔ گرانٹ کی کتابوں کا مصنف ہے جن میں سے اس کی سب سے مشہور کتاب Give and Take ہے یا یوں کہیے کہ میں نے اس کی یہی کتاب پڑھی ہے لیکن فی الحال اس کتاب سے ہمیں کوئی لینا دینا نہیں، صرف راست بازی کی تعریف سے سروکار ہے جو گرانٹ نے کچھ یوں کی ہے:

(راست بازی) کو جانچنے کا معیار یہ نہیں کہ آپ کتنی مرتبہ اپنا موقف تبدیل کرتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ آپ اپنا ذہن کیوں بدلتے ہیں۔ محض عوامی خوشنودی کی خاطر اپنی بات کو بدل دینا کھوکھلے پن کی نشانی ہے۔ البتہ اپنے موقف کا نئے حقائق کی روشنی میں جائزہ لینا، یکسانی کہلاتا ہے۔ راست بازی اپنے خیالات سے چمٹے رہنے کا نام نہیں بلکہ سچائی کی جستجو کا نام ہے)۔

ایک دانشور کے لیے راست باز ہونا ضروری ہے اور راست بازی کی پہلی شرط یہ ہے کہ آپ مسلسل اپنے موقف کی پڑتال کرتے رہیں اور جب آپ کا موقف غلط ثابت ہو جائے تو اسے کھلے دل سے تسلیم کر لیں۔ یہاں ایک بات البتہ اہم ہے کہ اکثر لوگ اپنے موقف کی غلطی تسلیم کر کے خود کو بڑا دانشور ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں مگر اگلے ہی لمحے دوبارہ اسی قسم کی سوچ کو پروان چڑھانے میں جت جاتے ہیں جس سوچ نے ان کے غلط موقف کی آبیاری کی تھی۔ ایسی غلطی تسلیم کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ یہ ایسا ہی ہے کہ جیسے کوئی شخص یہ بات مان لے کہ ماضی میں اس نے کسی کھرب پتی تاجر کی حمایت کر کے غلط کام کیا تھا کہ وہ تو قبضہ مافیا کا سربراہ نکلا مگر اگلے ہی لمحے وہ کسی دوسرے مافیا کی حمایت میں جواز تراش کرنا شروع کر دے۔ یہ موقف کی تبدیلی نہیں کہلائے گی بلکہ خود کو بڑا آدمی ثابت کرنے کی کوشش ہوگی۔

اسی طرح کچھ لوگ جانتے ہوتے ہوئے محض بڑھ کر اپنی سچائی کی پرتیں کھولنے کا کام کرتے ہیں۔ ایسا شخص ہمیشہ حقائق کی کھوج میں رہتا ہے، وہ کسی ایک مقام پر فکس نہیں ہو جاتا، وہ یہ نہیں کہتا کہ اس کا موقف کسی صورت غلط نہیں ہو سکتا یا وہ اپنے کسی بیان یا تحریر سے یہ تاثر بھی نہیں دیتا کہ اس پر حتمی سچائی اتر چکی ہے لہٰذا اسے مزید کسی بات پر قائل نہیں کیا جا سکتا۔ کسی بحث کے دوران اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ اس نے زندگی میں جو نظریات قائم کیے وہ سو فیصد درست ہیں تو پھر ایسے شخص سے گفتگو نہیں ہو سکتی کیونکہ ایسی صورت میں وہ کسی بھی دلیل سے قائل نہیں ہوگا۔ اس سے جڑا ہوا ایک مسئلہ اور بھی ہے کہ ہمارے ہاں اکثر دانشور، مذہبی اور غیر مذہبی دونوں اقسام کے، اپنی گفتگو میں بظاہر اکھاری سے کام لیتے ہوئے نظر آتے ہیں مگر حقیقت میں جب انہیں ان کے موقف کے تضادات دکھائے جاتے ہیں تو وضعے میں آ جاتے ہیں۔ اور کچھ ایسے بھی ہیں جو اپنے علم کی بنیاد پر مستکبرانہ انداز اپنا لیتے ہیں، مثلاً تاریخ کی ایک پروفیسر ہیں اور پی ایچ ڈی ڈاکٹر ہیں جنہوں نے جناح اور پاکستان پر تحقیقی کتابیں لکھی ہیں، وہ خواہ مخواہ جلال میں رہتی ہیں۔ یہ سب باتیں کسی دانشور کو زیب نہیں دیتا۔

دانشوروں کی ایک قسم اور بھی ہے جو بالکل دھیمے اور شائستہ لہجے میں بات کرتی ہے، آنکھوں پر سنہری فریم کی عینک لگا کر وہ خوبصورت انگریزی میں جب گفتگو کرتے ہیں تو لوگوں کا دل موہ لیتے ہیں۔ عام طور سے ہم ایسے لوگوں سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں کیونکہ یہ زیادہ پڑھے لکھے ہوتے ہیں اور ان کے پاس انواع و اقسام کی ڈگریاں ہوتی ہیں، یہ لوگ آئی وی لیگ قسم کی یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ بہترین انگریزی لکھ اور بول سکتے ہیں۔ ایسے لوگ جب بات کرتے ہیں تو ان کی گفتگو اس قدر لچھے دار ہوتی ہے کہ بندے کا خود خود ان کے موقف سے متفق ہونے کو جی چاہتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ وہ کبھی درست بات نہیں کرتے، بعض اوقات ان کی باتوں میں حقیقتاً وزن ہوتا ہے مگر دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ وہ کون سی بات کس موقع پر اور کس وجہ سے کر رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں ایک دستاویزی فلم دیکھی جس میں ایسے ہی ایک دانشور نے انگریزی کے زور پر تاریخ کی ایک 'ان کہی داستان' سنائی، ان کا موقف یہ تھا کہ تاریخ کا درست بیان نہیں کیا گیا اور کچھ حقائق توڑ موڑ کر پیش کیے گئے ہیں لہٰذا انہوں نے بہت مدبرانہ انداز میں تاریخ 'درست' کرنے کی کوشش کی۔

مسئلہ مگر یہ ہے کہ ان صاحب کے سی وی میں درج ہے کہ وہ ایک اکبر کی ترجمانی کا فریضہ انجام دے چکے ہیں، انہیں اپنی اس خدمت پر کوئی ندامت ہے اور نہ انہوں نے کبھی اس بات کا اظہار فرمایا کہ انہوں نے کوئی غلط کام کیا۔ اب ایسے شخص کی ڈگریاں، اس کی لکھی ہوئی کتابیں، اس کی شکیسپرین انداز کی انگریزی ہمارے کس کام کی! کسی دانشور کی راست بازی کا اصل امتحان ہی تب ہوتا ہے جب اسے طاقتور کی حمایت اور کمزور کی وکالت میں سے کسی ایک موقف کا انتخاب کرنا پڑے، گھر بیٹھے تو سب ہی دیانت دار ہوتے ہیں، دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ پرنسٹن، ہیئل اور کولمبیا سے ڈگریاں لینے والے کو جب پیشکش کی جاتی ہے کہ وہ آمریت کی حمایت کا جواز تلاش کرے تو وہ اس مرحلے پر انکار کرتا ہے یا 'نہ سُر' کہہ کر ایک دستاویزی فلم بنا ڈالتا ہے۔ دانشور اگر طاقت کے سامنے کلمۂ حق بلند نہیں کر سکتا، جو کہ اس کی بنیادی ذمہ داری ہے، تو پھر اس کی دانشوری لفاظی اور بیان بازی کے سوا اور کچھ نہیں اور ایسی دانشوری پر داد تحسین کے ڈونگرے برسانے والے تماش بینوں کے سوا اور کچھ نہیں!

لیکن سچی بات پوچھیں تو یہ سب کتابی باتیں ہیں۔ ان پر عمل کرنے سے آپ کی زندگی میں کسی قسم کی بہتری یا انقلاب آنے کا امکان کم ہے۔ ہاں، اگر آپ دنیاوی طریقے پر چلیں گے، عوامی خوشنودی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے موقف میں نہایت چالاکی سے تبدیلی کرتے رہیں گے، طاقتور کے مزاج آشنا بن کر اس کے طرز حکمرانی کا انگریزی میں دفاع کریں گے تو پھر اسی تو کیا چناب، جہلم، ستج، سندھ سب آپ کے لیے چین ہی چین لکھیں گے۔ لہٰذا integrity کی جو تعریف میں نے بیان کی ہے اسے بھول جائیں، صرف راست بازی کا راگ الاپتے رہیں اور جہاں موقع ملے وہاں اپنے فائدے کی خاطر کچھ بھی گر گزریں، یہی دنیا میں کلید کامیابی ہے، باقی سب افسانے ہیں۔

## پرویز مشرف نے بے نظیر کے قاتلوں بارے مخبری پر ''نو ایکشن'' کیوں لکھا؟

**نواز رضا**

پاکستان پیپلز پارٹی ہر سال 27 دسمبر کو ملک گیر سطح پر اسی طرح اپنی پارٹی کی چیئرپرسن و سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کی شہادت پر جلسے منعقد کر کے اپنی قائد کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے جس طرح ہر سال 4 اپریل کو ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔ 27 دسمبر 2021ء کو بھی بے نظیر بھٹو کے 14 ویں یوم شہادت پر ان کے جائے شہادت پر پھول چڑھائے گئے اور گڑھی خدا بخش میں جلسہ منعقد کیا گیا جو آج بھی پیپلز پارٹی کی سیاسی قوت کا مرکز ہے۔

ہر سال کی طرح اب بھی پیپلز پارٹی کے ''جیالے'' بینظیر ہم شرمندہ ہیں، تیرے قاتل زندہ ہیں، کے نعرے لگاتے ہوئے اپنے اپنے گھروں میں واپس چلے گئے ہیں۔ 14 سال گزرنے کے باوجود تاحال بے نظیر بھٹو کے ''اصل'' قاتل اپنے منطقی انجام کو نہیں پہنچ سکے یہ الگ بات ہے کہ بے نظیر بھٹو کے قتل میں ''سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں'' کو مختلف مقامات پر ڈرون حملوں میں مار دیا گیا یا پھر دیگر وارداتوں میں ٹھکانے لگا دیا گیا۔ بے نظیر بھٹو کے اصل قاتل ما حال آزاد پھر رہے ہیں۔ آصف علی زرداری جنرل پرویز مشرف کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں لیکن جنرل پرویز مشرف اس کا ذمہ داران کے شوہر کو قرار دیتے ہیں جن کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ قتل کا فائدہ جس شخص کو ہوا وہی ذمہ دار ہے۔

اس اندھے قتل میں ملوث لوگوں کا تاحال بے نقاب نہ ہونا بھی ہمارے ریاستی اداروں کی ناکامی کہہ لیجیے یا پھر انہوں نے دانستہ ایک قومی لیڈر کے قتل پر مٹی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ لیاقت باغ وہی مقام ہے۔ جہاں 16 اکتوبر 1952ء کو جلسہ عام میں خطاب کرتے ہوئے لیاقت علی خان کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا تھا۔ اس مقام سے چند گھنٹے کے فاصلہ پر ایک فوجی ڈکٹیٹر نے ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی میں ذوالفقار علی بھٹو کو تختہ دار پر لٹکا دیا۔

ایسا دکھائی دیتا ہے۔ یکل ہی کی بات ہے۔ سورج ڈوب رہا ہے۔ دن کا اجالا اندھیرے میں تبدیل ہو رہا ہے۔ اچانک خون آشام لیاقت باغ میں بم دھماکے سے پورا علاقہ لرز اٹھتا ہے۔ گولیاں چلنے کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ ہر طرف اندھیرا چھا جاتا ہے۔ بم دھماکے سے بلٹ پروف گاڑی چھلنی ہو جاتی ہے۔ گاڑی کے اندر بیٹھے ہوئے تمام افراد محفوظ ہوتے ہیں لیکن گاڑی سے باہر سر ہونے کی وجہ سے ان کی گردن میں گولی لگتی ہے جسے بعد ازاں میڈیکل رپورٹ میں تبدیل کر دیا گیا اور بتایا گیا کہ ان کی موت گاڑی کے سن روف کا لیور لگنے سے ہوئی۔ اب تو سابق وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے بھی اپنے کتاب میں سن روف کا لیور لگنے سے موت کی تصدیق کی ہے لیکن یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ بے نظیر بھٹو کو برقیمت پر شہید کے منصوبہ بندی کی گئی تھی۔

پاکستان کی دو بار منتخب ہونے والی وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کو ایسی کاری ضرب لگی کہ وہ ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی دم توڑ گئیں انہیں بے نظیر ہسپتال (راولپنڈی جنرل ہسپتال) مری روڈ لایا گیا اسے حسن اتفاق کہیے کہ اس روز میاں نواز شریف بھی راولپنڈی میں ایک جلوس کی قیادت کر رہے تھے۔ وہ استقبالی جلوس چھوڑ کر سیدھے بے نظیر بھٹو ہسپتال پہنچ گئے وہیں انہیں بتایا گیا اس محترمہ بے نظیر بھٹو اس دنیا میں نہیں رہیں جوں ہی بے نظیر بھٹو کی شہادت کا اعلان کیا جاتا ہے۔

پیپلز پارٹی کے غمگین کارکن دھاڑیں مار مار میاں نواز شریف سے لپٹ کر رونے لگے۔ وہ ''میثاق جمہوریت'' پر دستخط کرنے کی وجہ سے پیپلز پارٹی والوں کے اتنے قریب ہو گئے تھے کہ ان سے لپٹ کر رو رہے تھے۔ یہ انتہائی جذباتی منظر تھا۔ پیپلز پارٹی کے مشتعل کارکنوں نے مری روڈ پر سرکاری و غیر سرکاری عمارت اور گاڑیوں کو نذر آتش کر کے اپنے شدید ردعمل کا اظہار کیا۔

میں نے رات کو اسلام آباد آفس سے اپنے گھر واپس آتے ہوئے مری روڈ پر تباہی و بربادی کا بھیانک منظر پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بڑے بڑے سیاسی قتل ہوئے ہیں۔ بے نظیر بھٹو کے اندھے قتل کی شہادتیں جائے وقوعہ سے راتوں رات مٹا دی گئیں اگرچہ قاتلوں تک پہنچ جانے کے باوجود پولیس انہیں کوئی سزا نہیں دلوا سکی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں بے نظیر بھٹو کے قتل کا کیس اپنے منطقی انجام تک پہنچ سکا۔

آصف علی زرداری نے جنرل پرویز مشرف پر بے نظیر بھٹو کے قتل کا الزام لگایا تو دوسری میں بیٹھے جنرل پرویز مشرف نے ان پر جوابی الزام عائد کر کے خود ہی اپنے آپ کو قتل سے ''بری'' قرار دے دیا۔ بے نظیر بھٹو کو سیاسی منظر بنائے جانے کے بعد ملک کا سیاسی نقشہ ہی تبدیل ہو گیا نواز شریف اور بے نظیر بھٹو دونوں جنرل پرویز مشرف کے جبر کے دور میں جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اسی جبر و استبداد نے دو متحارب سیاسی قوتوں کو مئی 2006ء میں ''میثاق جمہوریت'' پر دستخط کرنے پر مجبور کر دیا یہی وجہ ہے جب 2008ء میں عام انتخابات ہوئے تو نواز شریف اور آصف علی زرداری نے مل کر حکومت تو بنائی لیکن یہ الگ بات ہے کہ دونوں جماعتوں پر مشتمل حکومت ڈیڑھ ماہ سے زائد نہ چل سکی

پاکستان مسلم لیگ (ن) جوں ہی بحالی کا وعدہ پورا نہ کرنے پر پیپلز پارٹی کی حکومت سے الگ ہو گئی۔ مجھے ذوالفقار علی بھٹو، بے نظیر بھٹو اور بلاول بھٹو زرداری سمیت تین نسلوں کی توریخ کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ میں 16 سال تک مسلسل راولپنڈی و اسلام آباد پریس کلب کا صدر رہا ہوں اس دوران دو بار محترمہ بے نظیر بھٹو کو راولپنڈی پریس کلب مدعو کیا گیا پہلی بار جب 1990ء صدر غلام اسحٰق نے ان کی حکومت برطرف کر دی تو میں نے قومی اسمبلی کے سابق رکن شاہد ظفری وساطت سے بے نظیر بھٹو سے میٹ دی پریس پروگرام کے لئے وقت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا لیکن پریس کلب میں راقم السطور سے شکست کھانے والے رہنماؤں نے ان کو راولپنڈی اسلام آباد پریس کلب آنے سے روک دیا۔

میں نے ہمت نہیں ہاری دوسری بار جب 1997 میں سردار فاروق احمد خان لغاری نے بے نظیر بھٹو کی حکومت برطرف کی تو میں نے شاہ محمود قریشی کی وساطت سے ان کو راولپنڈی اسلام آباد پریس کلب مدعو کر لیا لیکن ان کی طرف سے میٹ دی پریس پروگرام کی دعوت قبول کرنے کی بھنک دوبارہ ان ہی عناصر کو ہو گئی جو پہلے ان کے پریس کلب میں آنے کی راہ میں حائل تھے۔

سو دوسری بار مجھے وہ جیت گئے اور میں بے نظیر بھٹو کو راولپنڈی اسلام آباد پریس کلب مدعو کر لیا لیکن ان کی طرف سے میٹ دی پریس پروگرام کی دعوت قبول کرنے کی بھنک دوبارہ اب میثیق پریس کلب کا نام دے دیا گیا ہے۔ میں لانے میں ناکام ہوا ہر حال میں نے سینئر صحافی شمیم اختر کے ہمراہ محترمہ بے نظیر بھٹو سے وزیر اعظم ہاؤس میں روزنامہ نوائے وقت اور نصف روزہ فیملی کے لئے انٹرویو کیا اس انٹرویو میں ان سے کھل کر ملکی سیاسی صورت حال پر بات چیت ہوئی میں نے ان کو ایک ذہین خاتون پایا جسے ملکی سیاسی امور پر گہری دسترس حاصل تھی۔ ذوالفقار علی بھٹو کی لیاقت باغ کے جلسہ جانے سے قبل بھی حامد کرزئی نے جلسہ میں جانے سے روکا اور اس خدشہ کا اظہار کیا کہ ان پر جلسہ میں قاتلانہ حملہ ہو سکتا ہے۔ وہی 27 دسمبر 2007ء کو لیاقت باغ کے جلسہ میں خطاب کرنے پہنچیں تو انہیں قتل کر دیا گیا۔

بے نظیر بھٹو نے اپنی خودنوشت میں لکھا ہے کہ ''مجھے کچھ لوگوں نے سیاست چھوڑ دینے کی نصیحت کی ہے۔ انہوں نے مجھے متنبہ کیا ہے کہ میری قسمت بھی میرے والد اور بھائی جیسی ہو سکتی ہے لیکن میرا ایسے لوگوں کو جواب ہے کہ میری پارٹی کے کارکن ہر خطرے میں میری حفاظت کریں گے۔ میں نے اپنی مرضی سے کانٹوں کا راستہ چنا ہے اور موت کی وادی میں قدم رکھا ہے۔'' لیکن بے نظیر بھٹو قتل ہو گئیں بے نظیر بھٹو کے قاتل اپنے انجام کو نہ پہنچ سکے پیپلز پارٹی کے کارکن ''بے نظیر ہم شرمندہ ہیں۔ تیرے قاتل زندہ'' کے نعرے لگاتے ہی رہ گئے۔

پیپلز پارٹی کی پانچ سال حکومت رہی بے نظیر بھٹو کے قاتلوں کچھ نہیں بگڑا۔ یہ اہم واقعہ الزام تراشی کی نذر ہو گیا اس کس کو اس طرح خراب کیا گیا کہ پیپلز پارٹی کے اندر آصف علی زرداری مخالف عناصر نے اس کا ذمہ دار انہیں ہی ٹھہرایا جب آصف علی زرداری نے اس قتل کی ذمہ داری جنرل پرویز مشرف پر عائد کی اور ان کے خلاف مقدمہ چلایا تو انہوں نے انتہائی ڈھٹائی سے بے نظیر بھٹو کا قاتل آصف علی زرداری کو قرار دے دیا۔ یہ بات قابل ذکر ہے جب جنرل پرویز مشرف کے پاس خفیہ ایجنسیوں کی رپورٹ آئی کہ بے نظیر بھٹو قتل کرنے کے لئے بیت اللہ محسود کے کرایہ کے قاتل آگئے ہیں تو انہوں نے کارروائی کا حکم دینے کی بجائے اس فائل پر ''این اے'' (نو ایکشن) کیوں لکھا؟ اس سوال کا جواب کسی کے پاس نہیں ہے۔

## ''تخت نہ ملدے منگے''

**نصرت جاوید**

ریکارڈ خریداری اور مہنگے ریستورانوں میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنا ہمارے ہاں پھیلی خوش حالی کا اثبات بتایا جا رہا ہے۔ خوش حالی پھیلی جائے تو حکومت ریاست کا کاروبار چلانے کے لئے اضافی ٹیکس لگانے کو چل جاتی ہے۔ اسے اعتماد ہوتا ہے کہ عوام اضافی بوجھ بآسانی برداشت کر لیں گے۔

نظر بظاہر مٹی بجٹ پیش کرنے میں تاخیر اس لئے ہوئی کیونکہ حکومت خیبر پختونخوا کے انتخابی نتائج سے گھبرا گئی تھی۔ ان کا تجزیہ کرنے کے بعد مگر وزیر اعظم صاحب بالآخر اس نتیجے پر پہنچے کہ تحریک انصاف کی شکست کا سبب مہنگائی نہیں بلکہ تنظیمی انتشار تھا۔ ایک ہی نشست پر تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے اوسطاً تین امیدوار ایک دوسرے کے مد مقابل کھڑے ہو گئے۔ اپوزیشن جماعتوں نے اس کا فائدہ اٹھایا۔ اپنی صفوں میں نظم کو بحال کرنے کے لئے تحریک انصاف نے اب نئی تنظیم بنا دی ہے۔ انتخابی نتائج کے تجزیے اور تنظیمی معاملات پر توجہ مرکوز کرنے کی وجہ سے وہ اپنے اراکین کو قومی اسمبلی کے اجلاس کے لئے جمع نہ کر پائی۔

حکومت جب تنظیمی معاملات میں الجھی ہوئی تھی تو اپوزیشن کی دونوں بڑی جماعتوں نے یہ تاثر پھیلانا چاہا کہ اگست 2018ء میں نمودار ہونے والے حکومتی بندوبست کے خالق بھی اکتا گئے ہیں۔ وہ کوئی نئی گیم لگانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ آصف علی زرداری نے اس تاثر کو تقویت دینے کے لئے ''فارمولہ'' والا بیان بھی داغ دیا۔ دریں اثناء لاہور میں خواجہ رفیق کی یاد میں ایک تقریب ہوئی۔ اس سے خطاب کرتے ہوئے قومی اسمبلی کے سابق سپیکر سردار ایاز صادق نے بڑھک لگائی کہ لندن میں مقیم نواز شریف صاحب سے ''غیر سیاسی'' لوگ رابطے کر رہے ہیں۔ مذکورہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم نے بھی وطن لوٹنے کا عندیہ دیا۔ ہم ان کے دیے پیغام کو غالباً سنجیدگی سے نہ لیتے۔ عمران خان صاحب نے اپنے ساتھیوں سے گفتگو کرتے ہوئے لیکن سپریم کورٹ کے ہاتھوں نا اہل ہوئے نواز شریف کی وطن واپسی کی بابت چند سوالات اٹھا دیے۔ ان کے سوالات نے ہمیں بھی چونکا دیا۔

ہمارے ایک بہت ہی متحرک اور خرکو نہایت جستجو سے تلاش کرتے صحافی جناب انصار عباسی صاحب نے مگر ''دفاعی'' اور ''ماہر ذرائع'' سے گفتگو کرنے کے بعد پے در پے دو خبریں دی ہیں۔ ان کے ذریعے پیغام یہ پہنچایا گیا کہ وطن عزیز میں سیاسی منظر نامہ طے کرنے والی قوتیں اپوزیشن کے کسی رہنما سے رابطے میں نہیں۔ آصف علی زرداری سے بلکہ سوال ہوا کہ وہ ان افراد کے نام لیں جنہوں نے مبینہ طور پر ان سے رابطے کیے ہیں۔ نواز شریف سے اگرچہ یہ سوال نہیں پوچھا گیا۔ دریں اثناء پیر کے دن قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس بھی ہوا ہے۔ سیاسی اور عسکری قیادت وہاں قومی سلامتی کی پالیسی باہمی اتفاق سے طے کرتی نظر آئی۔ ملک کے معاشی حالات کو قومی سلامتی کے اس اجلاس میں کلید ٹھہرایا گیا ہے۔ عمل صحافت سے ریٹائر ہوا مجھ جیسا رپورٹر محض اندازہ ہی لگا سکتا ہے کہ مذکورہ اجلاس میں یہ سوال بھی زیر غور آیا ہوگا کہ ہم آئی ایم ایف کی عائد کردہ شرائط پر مملدرآمد کو تیار ہیں یا نہیں۔ منطقی جواب تو یہ بنتا ہے کہ عالمی معیشت کے نگہبان اداروں کے ساتھ ہوئے وعدوں کی تکمیل ریاستی ساکھ کو برقرار رکھنے کے لئے لازمی ٹھہرائی گئی ہوگی۔ اگر یہ طے ہو گیا ہے تو اب فون کھڑکیں گے اور قومی اسمبلی میں تحریک انصاف اور اس کی اتحادی جماعتوں کی نشستوں پر براجمان اراکین سرجھکائے ایوان میں آ جائیں گے۔ شوکت ترین کے تیار کردہ منی بجٹ پر فدویانہ انداز میں انگوٹھے لگا دیں گے۔ ''ڈیل'' کی باتیں اس کے بعد از خود ہوا میں تحلیل ہو جائیں گی۔

لاہور کے ملاحتی شاعر شاہ حسین نے کئی سو برس قبل کہہ رکھا ہے کہ ''تخت نہ ملدے منگے''۔ مختصراً یوں کہہ لیں کہ اقتدار کسی شخص کو خیرات کی صورت فراہم نہیں کیا جاتا۔ اسے سیاسی جدوجہد کے ذریعے چھیننا ہوتا ہے۔ سیاسی جدوجہد کی لگن ہماری اپوزیشن جماعتوں کو عادت نہیں رہی۔ ''دوٹ کو عزت دو'' کا ڈھونگ رچاتے ہیں مگر لندن میں مقیم ہوئے نواز شریف صاحب سے ''غیر سیاسی افراد'' کی مبینہ ملاقاتوں سے جی کو خوش کر لیتے ہیں۔ ایسے سیاست دانوں کو کم از کم میں سنجیدگی سے لینے کو تیار نہیں ہوں۔ آئی ایم ایف نے مصر کی معیشت کے لئے جو منصوبہ تیار کیا تھا اس پر کامل مملدرآمد رضا باقر کی نگرانی میں ہوا۔ اب وہ ہماری معیشت سنوارنے کے مشن پر مامور ہیں اور مصر کی طرح پاکستان میں بھی انہیں کسی مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

**آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم**

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no:03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہو سکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

# اب عوام کی قوت برداشت جواب دے چکی ہے

تازہ ترین خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے نتائج سامنے آئے تھے اور مولانا فضل الرحمٰن کی وہاں کامیابی زیر بحث تھی ایک دوست بولا مہدی صاحب نے تو 14 نومبر 2019 کو اپنے کالم کا عنوان ہی ''مولانا فضل الرحمٰن کامیاب ہو گئے'' رکھا تھا اور وہ اب کامیاب بھی ہو گئے۔ میں بولا وہ صرف اب کامیاب نہیں ہوئے بلکہ اس دفعہ بھی کامیاب ہی تھے سیاسی کامیابی مارشل لا کی مانند نہیں ہوتی کہ وہ عوام کے سامنے یہ یک دم آ جائے اور اس کی تیاریاں بس ایک راز ہی ہو بلکہ وہ تو مستقل کامیاب حکمت عملی اور

**محمد مہدی**

کامیابیوں کے تسلسل کے ذریعے کامیاب ہوتی ہے۔

انہوں نے اپنا مذہبی تشخص ایک حقیقت پسند اور معاملہ فہم شخص کا آزادی مارچ کی صورت میں قائم کیا تھا جس کامیابی تھی اور حتمی کامیابی کی طرف بڑھنے کا راستہ بھی یہی تھا۔ اِیم ایم اے کے قیام سے لے کر پی ڈی ایم کے سربراہ بن نے تک انہوں نے نوابزادہ نصر اللہ خان مرحوم کی جگہ لے لی وہ عوام کے سامنے یہ یک دم آ جائے لی وہ کسی کے لیے قابل قبول ہے۔ اپنے حلقہ اثر پختون مذہبی افراد کا پرامن تشخص قائم کرنا، دیگر سیاسی جماعتوں سے مل کر آگے بڑھنا اور اپنے موقف پر واضح طور پر قائم رہنا ایسے اقدامات ہیں کہ جنہوں نے ان کو عوام میں مزید مقبول کر دیا، نواز شریف کی بھی یہی کیفیت ہے۔

وہ نتائج کی پرواہ کیے بنا اپنے موقف پر ڈٹ گئے وزارت عظمیٰ گئی، بھائی بیٹے کیقید سمیت جیل گئے، بیماری سے لڑے جلاوطن ہوئے مگر اپنے موقف میں رتی برابر تبدیلی نہیں لائے۔ عوام میں بہادری کی ہمیشہ قدر رہوتی ہے لہذا عوام میں مقبول ہی چلے جا رہے ہیں اور اگلے انتخابات جب بھی ہوں گے تو اس میں دو ہزار اٹھارہ والا کھیل دوہرانے کے لیے اس وقت سے بھی کئی گنا زیادہ طاقت استعمال کرنی ہوگی کہ نواز شریف کا راستہ روک سکے۔

پدر پرنعمنی انتخابات کے نتائج اس بات کے گواہ ہے کہ اگلا نتیجہ کیا برآمد ہوگا۔ بہ خبریں گردش کر رہی ہے کہ کسی جگہ پر پیٹھ کر یہ منصوبہ بندی کی جا رہی ہے کہ نواز شریف کا راستہ روکنے کے لئے پی ٹی آئی کے سیٹ ایڈجسٹمنٹ خانیوال کے انتخاب میں آنے والی تیسرے اور چوتھے نمبر پر آنے والی جماعتوں کے ساتھ کروا دیا جائے تو نواز شریف کا راستہ روکا جا سکتا ہے۔ ایک دوست بولا ایسا ہوا تو کیا ہوگا؟ مقبولیت کو سازشوں سے نہیں روکا جا سکتا جمہوری نظام میں روکنے کی ایسی کوششیں کامیاب نہیں ہوتی ہے اس کی مثال جاپان کے حالیہ انتخابات ہے وہاں پر اعتیاطی ہے گزاری ہے۔ وہ تمام عناصر، جو آپ کے اندر وہی اعضا کو نقصان پہنچا سکتے تھے، وہ موجود تھے آپ کے ساتھ ساتھ۔

عورت کا رحم پیٹ میں کچھ سہاروں کی مدد سے معلق رہتا ہے۔ لیجیے کیا بات آ گیا، جھمکوں کے ساتھ لٹکنے والے سہارے۔ پچھلے زمانوں میں خواتین کانوں میں بھاری بھرکم جھمکے پہنا کرتی تھیں۔ نرم و نازک کانوں کے لئے جھمکوں کا وزن سہارنا مشکل ہوا تو جھمکوں کو ساتھ کچھ ڈوریاں نتھی کی گئیں کہ جھمکے کانوں کے سوراخوں کو زخمی نہ کر سکیں۔ ان ڈوریوں کو سہاروں کا نام دیا گیا۔ کتنی ہی دفعہ اماں کے ساتھ سنار کی دکان پر بیٹھے ہوئے ہم نے خواتین کو سہارے مانگتے ہوئے سنا۔ دیکھیے بات کرتے کرتے لاشعور کے نہاں خانوں سے کیا کچھ نکل آتا ہے۔

پیٹ کے نچلے حصے میں رحم کا معلق رہنا اس لیے اہم ہے کہ حمل کے دوران ضرورت کے مطابق بچے کے سائز کے حساب سے بڑھ سکے۔ اس لیے قدرت نے اسے اس طرح مختلف سہاروں سے جوڑ کر رکھا ہے کہ جب چاہے بڑھ جائے، جب چاہے، زچگی کے بعد گھٹ کر اصلی جگہ پر واپس آ جائے۔

رحم کا نچلا حصہ ویجائنا میں کھلتا ہے، جس کے ذریعے ماہواری کا خون بھی باہر نکلتا ہے اور زچگی میں بچہ بھی۔

زچگی کے دوران جب عورت درد زہ میں ہو رہی لگا کہ بچہ باہر کود چکا ہے، تب رحم کے ان سہاروں کے ڈھیلے پڑنے کا آغاز ہوتا ہے۔ متواتر بچوں کی پیدائش بتدریج ان کو کمزور کرتی چلی جاتی ہے۔

اگلا دچکا میونڈ پاز کے بعد پہنچتا ہے، جب عورت کے بارہ منہ نکلنے بند ہو جاتے ہیں۔ ایسٹروجن نامی ہارمون، جو زندگی کی علامت اور ماہواری آنے کا ذمہ دار ہے، کی کمی ان سہاروں کو مزید نحیف بناتی ہے۔

مرے ہے سو درے کے مصداق اگر مریضہ کو قبض بھی رہنے لگے، جس میں پاخانہ زور لگا کر نکالنا پڑے، تب یہ سہارے مزید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے چلے جاتے ہیں۔

کہانی، موتاپے کے نتیجے میں ڈھلکا ہوا پیٹ، بھاری جسم، ورزش کی کمی، یوں سمجھ لیجیے کہ یہ سب سب بن جاتے ہیں، گرتی ہوئی دیوار کو ایک دھکا اور دو کہ۔

پہلے رحم کھسکتا ہوا ویجائنا میں آتا ہے اور پھر ویجائنا سے نکلتے ہوئے باہر کو لٹک جاتا ہے۔ مثانہ بھی ویجائنا کو جکڑتے ہوئے اپنی جگہ چھوڑ کر رحم کا ساتھ دیتا ہے اور یہی حال پاخانے کی نالی اور مقعد کا ہوتا ہے۔ لیجیے سب کچھ ویجائنا سے باہر لٹکا ہوا، prolapseUterovaginal۔

مثانہ، رحم اور مقعد تین ایسے اعضا ہیں، جو ویجائنا کے قرب میں پیٹ کے نچلے حصے میں آگے پیچھے رہتے ہیں اور کسی ایک کی خرابی عورت کی زندگی کو جہنم جیسا جگتا جہنم بنا سکتی ہے۔

مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں پچاس برس کی عمر کا معنی یہ ہیں کہ اب عورت اپنے جسم کی دیکھ بھال کیوں کرے؟ اب تو ماہواری بھی بند ہو چکی اور حمل و زچگی سے بھی تائا ٹوٹ گیا سو نانی دادی بن کر کیا ضرورت ہے کسی بھی چیک اپ، کسی بھی ورزش یا کسی بھی معائنے کی؟ اس آخرت کی تیاری کر لو بی!

خاتون حیرت سے ہمیں دیکھتے ہوئے بگلا کر بولیں، ''لیکن ان باتوں کے متعلق کوئی کچھ بتاتا کیوں نہیں؟''

اس لیے کہ پدرسری معاشرے میں عورت کی صحت اہم نہیں کیوں اسے درد سر بنایا جائے؟ صحت تو دور کی بات ہے، جب عورت محض استعمال کی چیز سمجھی جائے تو کیا کرنا ہے اس کی زندگی آسان بنا کر؟

''ڈاکٹر کیوں نہیں بتاتے یہ سب کچھ؟''

پہلی بات یہ کہ ہمارے یہاں ڈاکٹرز کو محض بچے کھینچنے والی سمجھ کر غیر اہم قرار دے دیا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ ان کی اکثر ہدایات پر یقین بھی نہیں کیا جاتا۔ یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ کب ہوا ہماری ماوں یا نانیوں دادیوں کے ساتھ ایسا؟ اپنے مختصر سے مشاہدات و تجربات کے مطابق فیصلہ کر لیا جاتا ہے کہ ضرور ڈاکٹر کا کوئی ذاتی فائدہ ہے۔

تیسری اور سب سے اہم بات یہ کہ عورت کو اپنے اعضاء کو پوشیدہ رکھنے کی ہدایت اور شرم سے جوڑے جانے کی روایت اسے اپنے جسم کو جاننے کی ہمت ہی نہیں دیتی۔

ماہواری کا نام، پیڈز کا استعمال، ویجائنا کا ذکر وہ مقامات ہیں، جہاں پر جلنے کا ڈر سب پر غالب آ جاتا ہے۔ یہ کیوں نہیں سمجھا جاتا کہ عورت کے جسم کی پیچیدگیاں زندگی کی نمو کا حصہ ہیں یا اسی مقام سے بار بار گزرنے کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ ان پیچیدہ یا دوسرے لفظوں میں ''پوشیدہ'' امور کے متعلق ہر مرد و زن کا سمجھنا، جاننا اور بات کرنا ہی عورت کے جسم کو بیڑیاں پہنے قیدی کی بجائے پرندے کا سا لطیف احساس بخش سکتا ہے۔

ماضی میں اگر ان موضوعات کو شرم و حیا کے پردوں میں لپیٹ کر عورت کی زندگی کو اہم نہیں جانا گیا تو کیا ضروری ہے کہ اکیسویں صدی کی عورت بھی غاروں اور جنگلوں میں رہنے والوں کی سی زندگی بسر کرے۔ اپنے جسم کو سمجھنا اور اس سے متعلق بات کرنا اس کا بنیادی انسانی حق ہے۔

ہم نے موقع پاتے ہی گائنی فیمینزم کا پرچار کر لیا تھا لیکن ہماری محنت رنگ لائی تھی۔ ارد گرد موجود خواتین کے چہرے آگہی کی روشنی سے دمک رہے تھے۔

# جب رحم اور ویجائنا گر جاتے ہیں!

''میرا جسم گر گیا ہے۔ میں نہ بیٹھ سکتی ہوں، نہ چل سکتی ہوں۔ خدارا میری مدد کیجیے!'' وہیل چیئر پر بیٹھی ستر پچھتر سالہ عمر رسیدہ خاتون ہچکیاں لے لے کر رو رہی تھیں۔

''بہت برس ہوئے جب ماہواری ختم ہوئی تو میں نے شکر کا کلمہ پڑھا۔ ماہواری کے مسائل سے مر مر کے جان چھوٹی تھی، سوچا تھا کہ زندگی سہل ہوگی اب لیکن یہ تو اس سے بھی بڑا عذاب ہے۔ میرا پیشاب رک جاتا ہے، ایک تھیلی سی باہر لٹکنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس تھیلی کو ہاتھ سے دبانے سے کچھ پیشاب نکل تا ہے لیکن سب نہیں۔ پھر پیشاب کی نلکی ڈالنی پڑتی ہے۔ پاخانے کا بھی یہی حال ہے، دبا دبا کر نکالنا پڑتا ہے۔ رحم ہر وقت باہر لٹکتا ہے۔ میں ہر وقت ہاتھ سے دبائے ہوئے ہو

# پاکستان فلم انڈسٹری کے سوشل آرٹسٹ اداکار سلطان راہی کی برسی 9 جنوری کو منائی جائیگی

## 1996ء میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا

## مجموعی طور پر 804 فلموں میں اداکاری کی ، 430 فلموں میں ٹائٹل رول ادا کیا



لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری پر اڑھائی عشروں تک راج کرنے والے ورسٹائل اور ہنگ اداکار سلطان راہی کی 25 ویں برسی 9 جنوری 2022 کو منائی جائے گی۔ برسی کی تقریب ان کے صاحبزادے حیدر سلطان کی رہائشگاہ پر منعقد ہوگی جس میں فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے سلطانہ راہی کے دیرینہ دوست اور دیگر شرکت کریں گے محمد سلطان المعروف سلطان راہی کا خاندان بھارت سے ہجرت کر کے پاکستان آیا اور کراچی منتقل ہوگیا۔ ابتدائی تعلیم کے ساتھ ساتھ انہوں نے مختلف اسٹیج ڈراموں میں اداکاری کا آغاز کر دیا اور پھر ان کا یہی شوق انہیں راولپنڈی سے لاہور لے آیا جہاں انہوں نے فلموں میں ثانوی کردار ادا کرنے کے ساتھ اسٹیج ڈراموں میں بھی حصہ لینا شروع کر دیا۔ سلطان راہی مرحوم نے نے اپنی فلمی کیریئر کا آغاز فلم ’بانی‘ میں ایک معمولی سے کردار سے کیا تھا اس کے بعد وہ خاصے عرصے تک فلموں میں چھوٹے موٹے کردار ہی ادا کرتے رہے۔ 1971ء میں فلم ’بابل‘ میں انہیں ایک بدمعاش کا ثانوی سا کردار دیا گیا جس سے ان کی شہرت کا آغاز ہوا۔ مجموعی طور پر 804 فلموں میں اداکاری سلطان راہی مرحوم نے نے اپنی فلمی کیریئر کا آغاز فلم ’بانی‘ میں ایک معمولی سے کردار سے کیا تھا اس کے بعد وہ خاصے عرصے تک فلموں میں چھوٹے موٹے کردار ہی ادا کرتے رہے۔ 1971ء میں فلم ’بابل‘ میں انہیں ایک بدمعاش کا ثانوی سا کردار دیا گیا جس سے ان کی شہرت کا آغاز ہوا۔ مجموعی طور پر 804 فلموں میں اداکاری کی۔

### اداکاری کی نسبت ڈائریکشن کرنا زیادہ مشکل کام ہے‘ قیصر نظامانی

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار و ڈرامہ پروڈیوسر قیصر نظامانی نے کہا ہے کہ اداکاری کی نسبت ڈائریکشن کرنا زیادہ مشکل کام ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرا کریڈٹ ہے کہ میں نے نیلمت کو بھی ٹی وی پر متعارف کروایا تھا۔ اس سے قبل ٹی وی پر کام کرنے والی بعض ہیروئنز بھی میرے ڈراموں سے ابتداء کر کے شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بطیت اداکاری کے ساتھ سیاست سے بھی گہری دلچسپی رہی ہے اور میں پیپلز پارٹی کی جانب سے الیکشن میں بھی حصہ لے چکا ہوں۔ سیاست اور اداکاری دونوں ایسے پلیٹ فارم ہیں جس کے ذریعے ملک کی کسی نہ کسی انداز میں خدمت ہوسکتی ہے۔

## برصغیر کا خطہ گلوکاری کے حوالے سے بڑا ذرخیز ثابت ہوا ہے‘ سائرہ نسیم

### ہمیں اپنی موسیقی کو دوبارہ عروج پر لیجانے کے لئے از سر نو محنت کرنا ہوگی‘ گلوکارہ

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ و سائرہ نسیم نے کہا ہے کہ برصغیر کا خطہ گلوکاری کے حوالے سے بڑا ذرخیز ثابت ہوا ہے اور یہاں سے بڑے نامور گلوکاروں نے عالمی افق پر شہرت حاصل کی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ ہماری موسیقی کو آج بھی دنیا میں پسند کیا جاتا ہے لیکن اسے ماضی کی طرح کا عروج حاصل نہیں اس کیلئے ہمیں منصوبہ بندی کر کے از سر نو محنت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ موسیقی کی ترقی کے لئے کوئی منصوبہ شروع کر کے کوئی ذمہ داری سونپی جاتی ہے تو اسے بخوشی قبول کروں گی۔ ہمیں اپنی موسیقی کو دوبارہ عروج پر لیجانے کے لئے از سر نو محنت کرنا ہوگی، اگر نئی فلموں پر سرمایہ کاری ہوگی تو اس سے موسیقی سمیت دیگر شعبے بھی ترقی کریں گے۔ برصغیر کا خطہ گلوکاری کے حوالے سے بڑا ذرخیز ثابت ہوا ہے۔

## کامیابیوں کے ساتھ والدہ کے انتقال کی وجہ سے غم کا سال بھی تھا

لاہور (این این آئی) نامور اداکار و شاعر کہا ہے کہ نئے سال میں اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ نوجوان نسل سے نام کو مٹانی ہے تو اس میں ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے ،بڑا ہونے کی اوچھی کود، شور شرابہ اور ہوائی فائرنگ جیسے واقعات سے قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سب سے کہوں گی کہ وہ اپنے نئے سال اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے 2021ء، جہاں کامیابیوں کا سال ثابت ہوا وہیں والدہ کے انتقال کی وجہ سے یہ سال میرے لئے غم کا سال بھی تھا۔ میری دعا ہے کہ خدا کی ذات میری والدہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ نامور اداکار و شاعر کہا ہے کہ نئے سال میں اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ نوجوان نسل سے نام کو مٹانی ہے تو اس میں ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے ،بڑا ہونے کی اوچھی کود، شور شرابہ اور ہوائی فائرنگ جیسے واقعات سے قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سب سے کہوں گی کہ وہ اپنے نئے سال اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے 2021ء، جہاں کامیابیوں کا سال ثابت ہوا وہیں والدہ کے انتقال کی وجہ سے یہ سال میرے لئے غم کا سال بھی تھا۔ میری دعا ہے کہ خدا کی ذات میری والدہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ نامور اداکار و شاعر کہا ہے کہ نئے سال میں اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ نوجوان نسل سے نام کو مٹانی ہے تو اس میں ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے ،بڑا ہونے کی اوچھی کود، شور شرابہ اور ہوائی فائرنگ جیسے واقعات سے قیمتی انسانی جانوں کا نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سب سے کہوں گی کہ وہ اپنے نئے سال اپنی کامیابیوں کے ہدف طے کر لیں تو منزل آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے 2021ء، جہاں کامیابیوں کا سال ثابت ہوا وہیں والدہ کے انتقال کی وجہ سے یہ سال میرے لئے غم کا سال بھی تھا۔

